$$(18) \quad m = r(r+2s+1) + s(r+2s) + s(2+r+2s) + (2+r+2s)$$
$$= r(r+2s)(r+2s+2) + 2.$$

Moreover, each term in the integrand contains

(*a*) either $p_{r,s}(x, t)$ or $p'_{r,s}(x, t)$ or $p''_{r,s}(x, t)$;

(*b*) either $p(x)$ or $p'(x)$ or $\frac{p'}{p}$ or $\frac{p'^2}{p}$ or 1 ;

(*c*) either λ_{k_j} or 1 $(j = 1, 2, \ldots, r)$;

(*d*) either λ_{l_i} or 1 $(i - 1, 2, \ldots, s)$;

(*e*) either ϕ_{k_j} or ϕ'_{k_j} $(j = 1, 2, \ldots, r)$;

(*f*) either ϕ_{l_i} or ϕ'_{l_i} $(i = 1, 2, \ldots, s)$;

(*g*) $\phi_n(x)$.

To make the result independent of $k_1, \ldots, k_r$, we must divide the expression by $\lambda_{k_1} \ldots \lambda_{k_r}$, as in § 1. But now one and the same term may contain λ_{l_i} and ϕ'_{l_i} together, which case did not arise in § 1. Therefore, it is not sufficient here to divide by λ_{l_i} only; we must instead divide the whole expression by $(\lambda_{l_1} \ldots \lambda_{l_s})^{\frac{3}{2}}$. Then each term in the integrand will become uniformly bounded for all $n, k_1, \ldots, k_r, l_1, \ldots, l_s \geq 1$.

For convenience we shall denote the m integrals thus arising by $a_n^{(1)}, a_n^{(2)}, \ldots, a_n^{(m)}$.

From (4) we thus obtain.

$$(19) \qquad \frac{\sqrt{\lambda_n}\,|u_n|}{\left(\lambda_{1} \ldots \lambda_{k_r}\right)\left(\lambda_{l_1} \ldots \lambda_{l_s}\right)^{3}} < \frac{1}{\sqrt{\lambda_n}} \sum_{i=1}^{m} \left|a_n^{(i)}\right| .$$

From Parseval's theorem for the Sturm-Liouville eigenfunctions, we know that the series $\sum_{n=1}^{\infty} \left\{ a_n^{(i)} \right\}^2$ is convergent for each $i = 1, \ldots, m$, so that

$$(20) \qquad \sum_{n=1}^{\infty} \left\{ a_n^{(i)} \right\}^2 < \pi N^2 M^4 B^{2(r+s)}, \; (i = 1, 2, \ldots, m).$$

From (19), we obtain, on summing over n and applying Schwarz's inequality, as well as the inequality $2ab < a^2 + b^2$,

$$(21) \qquad \left\{ \sum_{n=1}^{\infty} \frac{\sqrt{\lambda_n}\,|u_n|}{\left(\lambda_{k_1} \ldots \lambda_{k_r}\right)\left(\lambda_{l_1} \ldots \lambda_{l_s}\right)^{\frac{3}{2}}} \right\}^2 < \sum_{n=1}^{\infty} \frac{1}{\lambda_n} . \sum_{n=1}^{\infty} \left\{ \sum_{i=1}^{m} \left| a_n^{(i)} \right| \right\}^2$$

$$< 2 \sum_{n=1}^{\infty} \frac{1}{\lambda_n} . \sum_{i=1}^{m} \left\{ \sum_{n=1}^{\infty} \left[a_n^{(i)} \right]^2 \right\}$$

$$< 2 . \frac{\pi^2}{6} . \pi N^2 M^4 B^{2(r+s)} . m,$$

where we have used the result

$$\sum_{n=1}^{\infty} \frac{1}{\lambda_n} < \sum_{n=1}^{\infty} \frac{1}{n^2} = \frac{\pi^2}{6}.$$

From (21) we obtain on substituting the value of m from (18).

$$\sum_{n=1}^{\infty} \frac{\sqrt{\lambda_n}\,|u_n|}{\left(\lambda_{k_1} \ldots \lambda_{k_r}\right)\left(\lambda_{l_1} \ldots \lambda_{l_s}\right)^{\frac{3}{2}}} < \sqrt{\frac{\pi^3}{3}}\, N M^2 B^{r+s} \sqrt{(r + 2s)(r + 2s + 2) + 2},$$

which is the required result (3).

PRINTED AND PUBLISHED BY V. M. PHILIP AT THE DIOCESAN PRESS, MADRAS—1938 C3284
EDITOR : DR. M. QURESHI.

ولزلی کی حکمت عملی سلطنت اودھ کے متعلق

لارڈ وازلی کو اپنے ابتدائی دور مین سخت دقتون کا مقابلہ کرنا پڑا لیکن وہ اپنی تدابیر اور مستقل مزاجی سے رفتہ رفتہ ان تمام مشکلات پر غالب آگیا اور کمپنی کی گری ھوئی حالت کو درست کرنے اور اس کے دشمنون کی خفیہ سازشون کو مٹادینے مین بڑی حد تک کامیاب ھوگیا۔ غرض سرجان شور کی وجهہ سے کمپنی کے اعزاز وقار کو جو صدمہ پھنچا تھا اس کی تلافی لارڈ وازلی نے کردی اور برطانوی حکومت کو صحیح معنون مین ھندوستان مین قائم کردیا۔

اس زمانہ کے حالات کے لحاظ سے جو پالسی لارڈ وازلی نے سلطنت اودہ کے ساتھہ برتی وہ شمالی ھند میں کمپنی کے استحکام اور علی الخصوص اودہ میں اس کے اقتدار و اثر کو مضبوط کرنے کے لئے نھایت ضروری تھی۔ چنانچہ سنہ ۱۸۰۱ع کے بعد نواب وزیر کی فوج برخاست ھوگئی۔ ایک عرصہ سے شاھان اودہ کو اپنی فوجی قوت اور تنظیم پر جو ناز تھا وہ اب باقی نہ رھا اور نوبت یہ پھونچی کہ نواب وزیر کو اگر فوج درکار ھو تو برطانوی سپاہ سے مدد طلب کرسکتے۔ فوجی قوت اندرونی و بیرونی آزادی یہ دونون امتیازات نواب سعادت علیخان کے عہد حکومت میں ختم ھوگئے تھے۔ مزید برآن ملک دو حصون میں تقسیم ھوگیا تھا۔ ایک حصہ سرکار انگریزی کے زیر تسلط تھا جس کے انتظامات ھنری ولزلی بحیثیت لفٹنٹ گورنر انجام دے رھا تھا اور نواب کو اس سے واسطہ نہ تھا۔ دوسرے پر نواب کی حکومت تھی لیکن اس دو عملی سے جو خرابیاں پیدا ھونی چاھئے تھیں وہ چند روز کے بعد رونما ھوئیں۔

غرض اس قسم کے تحفظی انتظامات کا یھہ نتیجہ ھوا کہ لارڈ وازلی کی ھندوستان سے روانگی کے وقت شمال میں جھان اول اول کمپنی کے قدم جمنے کے آثار نہ تھے یھہ کیفیت ھوگئی تھی کہ مرھٹون کا زور ٹوٹ گیا تھا۔ دواب علاقے اور جمنا کے دائیں ساحل پر برطانوی تسلط قائم ھوگیا۔ کمایون سے لے کے بند ھیلکنڈ تک کمپنی کی باجگزار ریاستون کا ایک سلسلہ قائم ھوگیا اور مرھٹون کے شر و فساد سے نجات مل گئی۔ بند ھیلکنڈ کا زرخیز علاقہ بھی مسخر ھوا۔

سنہ ۱۸۰۱ع کے معاھدہ کا اثر یھہ ھوا کہ ملک اودہ کے جس علاقہ پر قبضہ ھوا تھا اس میں بھی امن قائم ھوگیا۔ عمدہ انتظامات کی وجھہ سے اس کی آمدنی میں معقول اضافہ ھوا۔ نواب وزیر کو ان انتظامات سے صرف اتفاق ھی نہ تھا بلکہ وہ ان سے خوش تھے۔

اس مین شك و شبہ کی گنجائش نہین کہ سنہ ۱۸۰۱ع کے معاہدے نے سلطنت کو تباہ و برباد کر دیا لیکن ہمیں اس نقطۂ نظر سے اس پر غور کرنا چاہئیے کہ جب کمپنی سلطنت کے بیرونی محافظت کا بار اپنے ذمہ لے چکی تہی تو اس کو ان تمام تدابیر کے اختیار کرنے کا حق حاصل تہا جو اس فرض کی انجام دہی مین ضروری ہون۔ سیاسی مصالح کی بناء پر سرحدی مقامات مین زبردست فوجی چہاونیان قائم کرنا منتظم فوجی دستون کا ملك مین موجود رہنا ازحد ضروری تہا۔ لیکن فوج مین اضافہ کے باعث جو زائد اخراجات عائد ہوتے ان کی تکمیل کی اس کے سوا کوئی بہتر سبیل نہ تہی کہ ملك کا ایسا حصہ حاصل کرلیا جائے جس سے نہ صرف اخراجات بلا کسی دقت کے پورے ہوسکین بلکہ ان پر قبضہ ہونے کے باعث آئیندہ شمال مین اپنے مقبوضات بڑھانے مین آسانی ہو اور سلطنت پر کوئی دوسری قوت غلبہ حاصل نہ کرسکے۔ دوسری طرف نواب وزیر ایسے شکنجہ میں آگئے کہ کبہی حیلہ و حوالہ کی جرأت بہی نہ کرسکتے تہے۔

سلطنت کی فوج کی علحدگی ازبس ضروری تہی کیونکہ اول تو ناکارہ دوسرے وہ ملك اور مالك کی وفادار نہ تہی۔ لہذا ایسے پر آشوب زمانہ مین اس فوج سے طرح طرح کے خطرات کا امکان تہا۔ بہرحال اس کے بعد شمالی ہند مین کمپنی کی عملداری کا آغاز ہوگیا۔

معاہدہ سنہ ۱۸۰۱ع کے متعلق مجلس نظماء کی رائے

سنہ ۱۸۰۱ع کے معاہدہ کے مطابق مجلس نظماء نے اپنی رائے کے اظہار مین غیر معمولی تعویق کی لیکن اودہ کے سیاسی و انتظامی حالات و نیز اس جدید انتظام سے کمپنی کو جو فوائد حاصل ہوئے تہے ان پر کافی غور کے بعد سنہ ۱۸۰۳ میں نظماء نے حسب ذیل الفاظ مین منظوری صادر کی اور گورنر جنرل کے اس کارنامے کو بنظر استحسان دیکہا گیا کہ بلا کسی جہگڑے و فساد کے اودہ کے سرحدی مقامات پر قبضہ ہوگیا اور ساتہ ہی ساتہ برطانوی سپاہ کی تعداد مین معقول اضافہ ہوگیا۔

...........the treaty lately concluded between the governor-general and the Nawab Vizier and ratified by his Lordship on the 10th Nov. 1801, we have now to signify our approbation of the provision of that treaty. We consider the stipulations therein contained as calculated to improve and secure the interests of the Vizier, as well as those of the company, and to provide more effectually here after for the good Government and prosperity of Oude, and consequently for the happiness of its native inhabitants. (1)

---

(1) Memoir of Wellesly by Pearce. vol II, p 174

اب مثل جنوب کے شمال میں بھی کمپنی کی بنیادیں مستحکم ہوگئیں۔ سرحدی مقامات پر کمپنی کا قبضہ ہوجانے کی وجہہ سے اس کے حدود میں وسعت اور آمدنی میں زیادتی ہوگئی۔ ان اصلاحات کی وجہہ سے آئے دن کے جھگڑوں اور دربار سے جو اشتعال انگیز تنازعات رہتے تھے وہ سب مٹ گئے۔ رقومات کی بروقت ادائیگی نہ ہونے کی وجہہ سے ہمیشہ باھمی شکر رنجی رہتی تھی جو دوستانہ تعلقات میں کشیدگی کا باعث ہوتی تھی لیکن مذکورہ معاہدہ کے ذریعہ اس کا بھی خوش اسلوبی سے انتظام ہوگیا اور ایک وسیع حصہ ملک کمپنی کے قبضہ میں آگیا۔

نواب سعادت علی خان کو اتنے بڑے حصہ ملک کے نکل جانے سے رنج توکیوں نہوتا۔ لیکن یہہ سمجھکے دل کو تسکین دے لی کہ ملک گیا، توگیا، آئے دن کے تقاضوں سے نجات مل گئی۔ اب بقیہ حصۂ ملک پر قناعت کرنا اور اسکی بدامنی کو دور کرنا چاھئے اور ایسی تدابیر اختیار کی جائیں جن سے ملکی ومالی نظم ونسق بہتر ہو، رعایا خوش حال رہے، اور نا اھل عہدہ داروں کو علحدہ کرکے ان کے بجائے قابل اورمستعد لوگ مقرر کئے جائین۔ غرض ان طریقوں سے اس کی کوشش کی جائے کہ اندرونی انتظامات پر کسی کو اعتراض و نکتہ چینی کا موقع نہ ملے۔

لارڈ ولزلی اورنواب وزیرکی ملاقات

سنہ ۱۸۰۲ ع میں نواب سعادت علی خان لارڈ وازلی سے ملے۔ اس ملاقات کا یہہ خوشگوار نتیجہ نکلا کہ گذشتہ معاہدہ و نیز طویل خط و کتابت کی وجہہ سے نواب وزیر کے دل مین جو کدورت پیدا ہوگئی تھی وہ دور ہوگئی۔ اس موقع پر نواب وزیر نے بہو بیگم کی جائداد کے انتظامات و نیز دیگر ملکی اصلاحات کے متعلق بعض امور حسب دل خواہ گورنر جنرل سے طے کرائے۔ (۱)

نواب وزیر اور لارڈ وازلی کے درمیان قدیم دوستانہ تعلقات کے تازہ ہونے کا یہہ نتیجہ ہوا کہ نواب نے از خود انگریزون کو مرہٹوں کے خلاف مدد دی اور خاص اپنے اصطبل سے توپ خانہ کے لئے عمدہ گھوڑے بھیجے اس کے علاوہ خزانہ شاھی سے کثیر رقم دی جس سے جنگ کی کامیابی میں معقول مدد ملی۔

لارڈ وازلی کو نواب وزیر کے اس خلوص و دوستی سے بہت خوشی ہوئی۔ حقیقت مین یہہ قابل مسرت بات تھی کیونکہ ایک طرف گورنر جنرل نے ایسا طرز عمل اختیار کیا جس سے ملک اودہ کے نصف حصہ پر وہ قابض ہوگیا فوج مین اضافہ ہوگیا۔ باوجود اس کے نواب سعادت علی خان نے مراسم دوستی ترک نہین کئے۔ اور کمپنی کے مصیبت کے زمانہ مین آڑے آئے۔

---

(1) History of India. By Malcolm, vol. I, p 327.

(۶)	**گورکھپور و بٹول**	۵۴۹۸۵۴	”
(۷)	صوبہ الہ آباد	۲۳۴۳۶۳	”
(۸)	روھیلکھنڈ	۴۳۱۳۴۵	”
(۹)	نواب گنج کھلی وغیرہ	۱۱۹۲۴۲	”
(۱۰)	محال باستثنائے تعلقہ اردل	۱۶۸۳۷۸	”

(ف۱) معاہدہ کی بقیہ تمام شرائط معمولی تھیں جس میں سے ایک یہہ بھی تھی کہ بجز ایک مقررہ تعداد کے نواب وزیر اپنی کل سپاہ برخاست کردین کے اور آئندہ ان کو ھر موقع پر برطانوی فوج کو طلب کرنے کا حق رہیگا۔ اس قسم کی مدد کے لئے نہ کوئی جدا رقم طلب کی جائیگی اور نہ اس کا کوئی معاوضہ لیا جائیگا۔ (۱)

(ف۲) نواب نے یہہ بھی وعدہ کیا کہ وہ اپنے باقی ماندہ علاقہ میں اپنے عہدہ داروں کی نگرانی میں ایسے معقول انتظامات کرینگے جو ان کی رعایا کی فلاح و بہبود اورجان و مال کی حفاظت کیلئے ضروری ہوں اور ان اصلاحات مین انہوں نے کمپنی کے عہدہ داروں سے مشورہ کرنے کا وعدہ کیا۔

سنہ ۱۸۰۱ ع کے معاہدہ کے نتائج

اگر چہ نواب وزیر نے ابتدا اس جدید معاہدہ کی ممکنہ مخالفت کی خود چند روز کے لئے حج و زیارت مقامات مقدسہ کے لئے جانے کی خواھش ظاھر کی جس سے منشاء یہہ تھا کہ یہہ کاروائیاں ان کے غیاب میں طے ھوجائیں۔ تاکہ ھمعصروں میں ان کی ذات نہو لیکن اودہ کے سیاسی حالات و نیز نواب وزیر کی متلون مزاجی کی وجہ سے ان انتظامات میں گورنر جنرل نے ذرا بھی تاخیر و تعویق روانہ رکھی۔

درحقیقت کمپنی نے اپنے جن مفاد کے مد نظر اس معاہدہ کو مرتب کیا تھا اس کی تکمیل و منظوری میں ذرا بھی غفلت برتی جاتی یا تساھل سے کام لیا جاتا تو شدید نقصان پہونچنے کا اندیشہ تھا۔

اس مین شک نہیں کہ یہہ معاہدہ اپنی نوعیت کے لحاظ سے بالکل نیا تھا۔ کمپنی کو سب سے بڑا فائدہ یہہ پہونچا کہ اودہ کی بیکار وسرکش فوج کی ھنگامہ آرائیوں سے ھمیشہ کے لئے نجات مل گئی۔ اور کمپنی نے اپنی فوج میں اضافہ کرکے ملک کو اس ترکیب سے گھیر لیا کہ اب نہ بیرونی قوت سے خطرہ رھا اور نہ نواب وزیر کو اتنی جرأت باقی رھی کہ کمپنی کی مخالفت کرسکتے۔ غرض اسطرح سے

---

(۱) Aitchison, vol II, p. 102

(ف۲) اس کے علاوہ ملک کی عام بد امنی فوجی بد نظمی رعایا کی خراب و خستہ حالت، مزید برآن نواب وزیر کا طرز عمل یعنی مسند سے دست برادری کا خیال ظاہر کرنا، اپنی نا اہلی کا اقبال، بیرونی حملہ کی صورت میں اپنی فوج کی طرف سے خوف کا اظہار اور اس میں کمی کرنے پر اول راضی ہونا لیکن پھر نہایت نا مناسب طریقوں سے اسے ٹالنے کی کوشش کرنا، ان سب وجوہ کی بناء پر ایک جدید معاہدہ کی ضرورت پیش آئی تا کہ اسکی بناء پر ایسا مستقل انتظام ہو جائے کہ ان خطرات سے کمپنی کو نجات مل جائے اور اس کا اقتدار سلطنت میں مستحکم ہوسکے اور ملک کا ایسا علاقہ حاصل کرلیا جائے جسکی آمدنی اودہ کے اضافہ شدہ امدادی فوج کے مصارف کے لئے کافی ہو۔ (۱)

معاہدہ سنہ ۱۸۰۱ء

غرض ان حالات اور مصالح کو پیش نظر کرتے ہوئے سنہ ۱۸۰۱ع میں هنری ولزلی کی کوشش سے حسب ذیل معاہدہ طے پایا۔

جس کی خاص شرط یہہ تھی کہ ملک اودہ کے نشان دادہ علاقہ جات کمپنی کے حوالہ کردئے جائین جن کی سالانہ آمدنی کا اندازہ ایک کروڑ پینتس لاکہ تیس ہزار چارسو روپے آٹھہ آنہ نو پائی تھا۔ اس کے معاوضہ میں کمپنی نے سلطنت کی حفاظت کی ذمہداری لی اور یہہ طے پایا کہ سلطنت کی نگہبانی کے لئے جو فوج رکھی جائے (خواہ اس کی تعداد کچھہ ہی ہو۔) اس کا معاوضہ ان ہی اضلاع کی آمدنی ہوگی۔ اور کسی صورت مین زائد رقم کا مطالبہ نہ کیا جائیگا۔ نواب وزیر نے اپنی سلطنت کے مندرجہ ذیل اضلاع اس معاہدہ کی رو سے کمپنی کے حوالہ کئے۔

نام اضلاع	تخمیناً آمدنی	
(۱) چکلہ کوڑا و کڑا و چکلہ اٹاوہ	۵۴۸۵۷۷	روپے
(۲) کہہ وغیرہ	۵۲۳۳۷۷	,,
(۳) فرخ آباد وغیرہ	۴۵۰۰۰۱	,,
(۴) کھرا گڈہ ,,	۲۱۰۰۰۱	,,
(۵) اعظم گڑہ ,,	۶۹۵۶۲۴	,,

---

(1) History of India, by Malcolm, vol I, p. 322

(2) Aitchison, vol II, p. 101

اس خط و کتابت کے بعد لارڈ ویلزلی کو اس کا پته چل گیا که نواب وزیر نے مسند سے دست برداری کے متعلق جو لکھا وہ محض دھوکه تھا۔ اس قسم کے حیله حواله سے مراد دراصل یهه تھی که گورنر مرعوب ھوجائے اور اپنی تجاویز کو مسترد کردے۔ لیکن شمالی ھند و نیز ملك اودہ کے سیاسی حالات کی وجهه سے یهه اصلاحات بهت ضروری ھوگئی تھین اور کمپنی کا مفاد اس قدر خطرہ مین تھا که لارڈ ولزلی نواب وزیر کی ٹال مٹلول اور حیلون کو روانه رکھسکتا تھا بلکه نواب کی طبیعت اور طرز عمل کے لحاظ سے اس جدید تنظیم کو جلد تر بروے کار لانا لابدی ھوگیا تھا۔

سنه ۱۸۰۱ع کے معاهدہ کے اسباب

ٹیپو سلطان کی سلطنت کے خاتمه کے بعد والزلی بڑی حد تك جنوب کی طرف سے مطمئن ھوگیا تھا کیونکه اس کی قوت مین اضافه کمپنی کے لئے حد درجه خطرناك تھا۔ اور اس کی شکست کے بعد انگریزون کی ترقی مین کوئی سدراہ نه تھا۔ شهریار دکن سے بذریعه معاهدات دوستانه تعلقات پیدا ھوگئے تھے اسلئے اب اس کو شمال کی جانب اپنی توجهه مبذول کرنے اور سلطنت اودہ کے حالات درست کرنے کا موقع تھا۔ اس نے وهان کے حالات کا بغور مطالعه کرنے کے بعد یهه رائے قائم کی تھی که دوآبهٔ گنگا و جمنا کے درمیان کمایون پهاڑ تك جو قلعه ھے اس پر کمپنی کا قبضه ضروری ھے۔ اس کے علاوہ دھلی آگرہ اور دریائے جمنا کے دائین کنارہ کمایون پهاڑ سے بندھیلکنڈ تك قلعون کا جو سلسله ھے وہ بھی کمپنی کے تحت ھونا چاھئے۔ بندھیلکنڈ پر قبضه کرنے کی اس وجهه سے ضرورت تھی که بنارس اور کمپنی کے چند علاقے اس سے ملحق تھے لھذا ان کا کسی غیر قوت کے زیر اثر چھوڑدینا خطرناك تھا۔

نواب وزیر سنه ۱۷۹۸ع کے معاهدہ کے مطابق چھتّر لاکهه کی گران قدر سالانه رقم کمپنی کو ادا کرتے تھے لیکن گورنر جنرل کے مطالبات اس سے زائد کے تھے۔

جب نواب وزیر نے ان زائد مطالبات کی ادائی میں مجبوری و معذوری ظاهر کی تو لارڈ والزلی نے یهه بحث چھیڑی که اگر رقمی صورت میں کمپنی کے مطالبات کا انتظام نهیں ھوسکتا تو نصف حصه ملك سرکار کمپنی کے سپرد کیا جائے۔ او راس میں اسقدر انهماك ظاھر کیا گیا که عهدنامه کا مسودہ تیار کر کے هنری والزلی کو لکھنو بھیجا گیا تا که وہ ان مسائل کو جلد از جلد طے کروائے۔ (۱)

---

(۱) Spoliation of Oude, p. 48

درجہ برداشتہ خاطر ہوئے کہ انہوں نے سنہ ۱۷۹۹ع میں اپنے آبائی تخت و تاج سے صرف اس وجہ سے دست بردار ہونے کا خیال ظاہر کیا کہ ”ریاست کی حالت بہت خراب ہے۔ حکومت کے افراد نا اہل ہیں۔ رعایا سے میرے تعلقات اچھے نہیں اور دونوں کو ایک دوسرے سے سخت نفرت ہے․․․․․

حالات ایسے پیدا ہوگئے ہیں کہ میں چین سے حکومت نہیں کرسکتا„ (۱)

نواب وزیر کی
یادداشت موسومہ
ریذیڈنٹ لکھنو

نواب وزیر نے دوسری کوشش اپنے ملک کو برطانوی فوج سے محفوظ رکھنے کی یہہ کی کہ ایک خط رزیڈنٹ لکھنو کے نام روآنہ کیا۔

(ف۱) جسمیں میں ان دقتوں کو واضع کیا جو فوج میں اضافہ کے باعث سلطنت کے مالیہ اور شاہی خزانہ پر پڑین گی اور یہہ بہی لکھا کہ سنہ ۱۷۹۸ع کے معاہدہ کے مطابق نواب وزیر کو اندرونی انتظامات اور فوجی معاملات میں کامل آزادی عطا کی گئی تہی۔ لیکن اب افزائش سپاہ کے بارہ میں جو مسلك اختیار کیا گیا ہے وہ قطعا اسکے برعکس ہے۔

ان حالات اور نواب وزیر کے عزائم سے لارڈ وازلی بخوبی واقف ہوگیا تہا چنانچہ لارڑ موصوف نے نواب وزیر کے مکتوبات کے جواب مین صاف صاف اس کا اظہار کردیا تہا کہ۔

(ف۱) آپ کی استدعاء کی بناء پر کمپنی نے فوجی اصلاح و اضافہ کی طرف قدم بڑھایا۔ اگر آپ متعدد بار اپنے ملک کی بدامنی و سپاہ کی سرکشی کا تذکرہ نہ کرتے تو مداخلت کی ضرورت نہ تہی اور جب ایك اصلاحی اسکیم بیجہی گئی تو پہلے اس کو بروئے کار لانے پر رضامندی کا اظہار کیا گیا لیکن بعد میں ایسے مہمل طریقے اختیار کئے گئے جس سے اس کی تکمیل میں رکاوٹیں پیدا ہوئیں۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ عرصہ دراز سے کمپنی کا جو اعتبار شاہان اودہ پر قائم تہا اس میں آپکی متلون المزاجی سے فرق آگیا۔„ (۲)

علاوہ ازین لارڈ ویازلی نے تفصلی کے ساتھہ ان دقتوں اور خطروں کا بہی ذکر کیا جو سلطنت کی نکمی فوج سے زمان شاہ کے حملہ آور ہونے کی صورت میں پیش آنیوالی تہیں۔

اس کے علاوہ وزیر علی خان کے واقعہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ اضافہ فوج کے بغیر سلطنت کی محافظت نا ممکن ہے اس سلسلہ میں گورنر موصوف نے اسکی بہی تشریح کردی کہ دفعہ (۷) کے مطابق کمپنی ہی کو افزائش سپاہ کا حق حاصل ہے۔

---

(۱) History of India, by Malcolm, vol I, to 320

(۲) Memo. Cor. of Wellesely, By Pearce, vol II, p. 139

اب یہان ایک یہہ اعتراض پیدا ہوسکتا تھا کہ دفعہ مذکور مین اس کی صراحت نہین ہے کہ کس فریق کو اضافہ فوج کا اختیار ہے۔ آیا فوجی اصلاح اور سپاہ کی تعداد مین اضافہ نواب سعادت علی خان کے اختیار تمیزی پر منحصر تھا یا کمپنی اپنی رائے سے اس مین افزائش کرسکتی تھی۔ اس معاہدے کی دوسری دفعات پر غور کیا جائے جس کے رو سے سلطنت کی بیرونی محافظت کی ذمہ داری کمپنی نے لی تھی اور جس سے اس کی حیثیت ایک باجگزار ریاست کے مانند ہوگئی تھی تو ایسی صورت مین یہہ اعتراض باقی نہین رہتا کیونکہ ملک کو بیرونی خطرات سے بچانے کے لئے فوج میں اضافہ کرنیکا اختیار کمپنی ہی کو حاصل ہوسکتا تھا۔ اس کے ماسوا یہہ بھی رکھا جاسکتا ہے کہ نواب وزیر نے اپنی سپاہ کی سرکشی اور نا اہلی سے عاجز ہوکر کمپنی سے مدد طلب کی جس کی بناء پر گورنر جنرل نے فوجی رسالون میں اضافہ کا بیڑا اٹھایا۔

الحاصل ایسے پر آشوب زمانہ مین جب کہ شمالی ھند مین ایک بیرونی قوت کے حملہ آور ہونے اور دوبارہ ھندوستان میں مسلمانون کی سلطنت قائم ہوجانے کا احتمال تھا۔ کمپنی کے لئے یہہ ضروری تھا کہ اس حملہ کی مدافعت اور شمال میں اپنے اثرات قائم رکھنے کی جد وجہد کرے۔ اتفاق سے اس موقع پر شمالی حصہ میں صرف اودہ ہی ایسا خطہ تھا جو صحیح معنون میں کمپنی کے ماتحت کہا جاسکتا تھا۔ لیکن وھان کی اندرونی بدامنی اور فوجی بد نظمی کی وجہ سے ان اثرات کے زائل ہونے کا اندیشہ لگا ہوا تھا اسلئے اسکی شدید ضرورت تھی کہ ایسے تدابیر اختیار کئے جائیں جن سے یہہ خطرات دور ہوجائیں اور جس طرح سے لارڈ ویلزلی کی حکمت عملی اور تدبیر سے جنوب کا پورا حصہ کمپنی کے زیر اثر ہوگیا تھا اسی طرح سے شمال اور خصوصا سلطنت اودہ پر تسلط جمانے کی کوشش تھی۔

(ف ۱) ان حالات کے پیش نظر کمپنی کے مفاد کی محافظت کی خاطر لارڈ ولزلی نے یہہ تصفیہ کیا کہ اودہ میں کمپنی کی موجودہ فوج میں اضافہ کیاجائے اور نواب وزیر کے بیکار و خطرناک فوجی دستون میں تخفیف کا عمل کیا جائے تاکہ اس اضافہ سے شاھی خزانہ پر بار نہ پڑے۔

نواب وزیر نے ابتدامین اس پر اپنی رضامندی کا اظہار کیا لیکن چند روز کے بعد جب انکو اپنی کمزوریون کا احساس ہوا اور یہہ خیال پیدا ہوا کہ اس جدید تنظیم سے ان کے اعزاز، وقار میں فرق آجائیگا اور ھمعصرون میں سبکی ہوگی تو اس اصلاحی اسکیم کو عملی جامہ پہنانے میں رکاوٹیں پیدا کردین۔

نواب وزیر کا ترک سلطنت کا ارادہ

نواب سعادت علی خان کمپنی کے مقاصد کی تہہ کو پہونچ گئے تھے اور انکو اسکا یقین تھا کہ افزائش سپاہ کامطلب درحقیقت یہہ ہے کہ سلطنت کی فوجی قوت کا خاتمہ کردیا جائے بادشاہ اور ملک کی حفاظت کا ذریعہ کمپنی کی سپاہ کو قرار دیا جائے اس تبدیلی سے وہ اس

نواب وزیرعلی خان کے سپاہ کی انگریزون سے بد سلوکی

اس سلسله مین دوسرا واقعه جس نے افزائش سپاه کے مسئله کو جلد تر طے کرنے کی ضرورت پر انگریزون کو آماده کیا یه پیش آیا که وزیرعلی خان سابق شاه اوده بنارس میں مقیم تھے مگر ملکی مصالح کی بناء پر ان کا دارالسلطنت سے اس قدر قریب قیام مناسب نهیں سمجھا گیا اور بجاے بنارس کے کلکته منتقل کرنیکی تجویز هوئی۔ لیکن انهوں نے اس تجویز سے اختلاف ظاهر کیا اور دوران گفتگو میں مسٹر چری (Mr. Cherry) پر تلوار سے حمله کرنے کا اقدام کیا۔ لیکن وه خوش قسمتی سے بچ نکلا۔ اس کشمکش میں اس کے دوهرا هی انگریزون کو وزیرعلی کے رفقاء نے تهه تیغ کر دیا۔ اس واقعه سے لکھنو میں عام سنسنی پھیل گئی اور خود نواب وزیر اپنے سپاه کی سرکشی اور فتنه و فساد پر آماده هونے کی وجه سے خائف هوگئے مگر سرجیمس کریگ (Sir James Craig)سپه سالار افواج برطانیه کی مدد سے یه شورش دبی۔ یه واقعه درحقیقت ایسا گذرا جس نے لکھنو کے انگریز عهده دارون کو نواب وزیر کی فوج کی طرف سے خائف کر دیا اور اس باغی فوجی دستون کی علحدگی میں وه زیاده کوشاں هوئے۔

علاوه ان واقعات کے سلطنت اوده مین برطانوی فوج کے اضافه پر گورنر جنرل نے زیاده تر اس سبب سے انکار کیا که خود نواب وزیر اپنی سپاه سے تنگ تھے۔ اور انکو اسپر بالکل بھروسه نه رها تها جس کی وجهه سے نواب وزیر نے ایک موقع پر گورنر جنرل سے شکایت کی تهی اور اپنی محافظت کی امداد کے طالب هوئے تھے۔

ظاهر هے که جب نواب وزیر نے خود اس قسم کی خواهش گورنر جنرل سے کی اور انهون نے اس سلسه مین اضافه فوج کے مسئله کو چهیڑا اور رزیڈنٹ لکهنو نے تفصیل کے ساتهه اس کی ضرورت بتلائی تو نواب وزیر کا اس کی منظوری مین پس و پیش کرنا اور اسکو غیر ضروری سمجهنا کس حد تک مناسب تها اور کمپنی کا یهه فعل کهاں تک ضروری تها اس کا فیصله گذشته اور آئنده کے واقعات سے باسانی هوسکتا هے۔

سنه ۱۷۹۸ع معاهده کي دفعه ۷

ایک دوسری دلیل انگریزون کو سلطنت اوده مین برطانوی سپاه کے اضافه کے یهه مل گئی که سنه ۱۷۹۸ع کے۔

(ف۱) معاهده کی دفعه (۷) کے بموجب یهه طے پایا تها که ،،اگر کبهی ملک مین تیره هزار سپاه سے زائد فوج کی ضرورت محسوس هو تو برطانوی سپاه مین حسب ضرورت اضافه کیا جائیگا،،(۱) جس کے اخراجات نواب وزیر ادا کرین گے۔

---

(1) Aitchison vol II, p. 96

فوجی چھاؤنیاں رفتہ رفتہ قائم ہوتی گئیں جو آخر میں نہ صرف مستقل ہو گئیں بلکہ ملکی فوج پر غالب آ گئیں۔ (۱)

اس میں شک نہیں کہ سنہ ۱۷۹۸ع کے حالات (جب کہ لارڈ وازلی ہندوستان آیا ہے۔) اس کے متقاضی تھے کہ سرحدی مقامات پر کمپنی اپنی فوجی چھاؤنیاں قائم کر دے۔ کیونکہ زمان شاہ سے جو دریائے سندھ پار کر چکا تھا، اودھ پر حملہ آور ہونے کا اندیشہ لگا ہوا تھا۔ کمپنی کا یہ خیال صحیح تھا کہ سلطنت کی سپاہ زمان شاہ کا ساتھ دینے پر آمادہ ہو جائیگی۔ دوسرے روھیلے ایسے موقع پر ضرور اپنے ہم قوموں کے شریک ہو جائینگے۔ ایسی صورت میں تاوقتیکہ سرحد پر کمپنی کی کافی فوج نہ ہو ان خطرات کا دفع ہونا مشکل تھا۔

نواب سعادت علی خان سے اصلاح افزائش سپاہ کے متعلق لارڈ وازلی کے اصرار کرنے کے اسباب

سلطنت کی فوج کی نااہلی و بدنظمی

سلطنت اودھ کے سپاہ کی نااہلی و سرکشی کی مثال اس سے پہلے بیان کی گئی لیکن وہاں کی فوجی بدنظمی کا ٹھیک ٹھیک اندازہ سرجیمس کریگ (Sir James Craig) اور سرالفریڈ کلارک (Sir Alfred Clark) کی رپورٹ موسومہ گورنر جنرل سے ہوتا ہے۔

سرجیمس کریگ اپنی یاد داشت میں تحریر کرتے ہیں کہ۔

نواب سعادت علی خان کے افواج کا وجود اور عدم دونوں برابر ہے نواب کی کفایت شعاری نے سپاہ کی حالت خراب کر دی ہے سپاہ بالکل نکمی ہے بجائے اپنی عدم موجوگی میں اس سے ایسا ہی خوف معلوم ہوتا ہے جیسے کوئی قلعہ دشمن کے پاس چھوڑ دینے سے خطرہ ہوتا ہے نہ بادشاہ کو اپنی فوج کی فلاح و بہبود کی پروا اور نہ سپاہ بادشاہ کی وفادار ایسے زمانہ میں جبکہ زمان شاہ دھلی میں مسلمانوں کی سلطنت دوبارہ قائم کرنے کی کوشش کر رہا ہو اور روھیلوں کا خدشہ لگا ہو۔ یہ فوجی ابتری حد درجہ خطرناک ہے۔ لہٰذا ان حالات کے تحت لارڈ ویلزلی کو رائے دیگئی کہ وہ برطانوی رسالوں کے اضافہ اور نواب وزیر کی ناکارہ فوج کی علیحدگی کے مسائل طے کرنے میں عجلت کرے۔ (۲)

---

(۱) Aitchison, vol. II, p. 80

(۲) Memoirs and Correspondence of Wellesley, By Pearce vol. II, p. 137

نہیں کیا جاسکتا تھا جس کا ثبوت یوں ملتا ہے کہ ایک بار سپاہیوں نے نواب وزیر کے احکام بجا لانے سے انکار کیا جس کی وجہہ یہ ہوئی تھی کہ اس زمانہ کے دستور کے مطابق سپاہیوں کی تنخواہ چڑھی ہوئی تھی۔ جب ان کو کسی مقام پر جانے کا حکم ملا تو انہوں نے اپنی واجب الوصول تنخواہ کا مطالبہ کیا اور یہ مطالبہ پورا ہونے تک احکام کی بجا آوری سے انکار کردیا جس کی وجہہ سے صورت حال اس درجہ نازک ہوگئی کہ اگر رزیڈنٹ بیچ بچاؤ نہ کرتا تو شورش بہت زیادہ بڑھ جاتی۔

اس واقعہ سے یہ بات کھل گئی کہ نواب اور سپاہ کے درمیان کس قسم کا رشتہ و علاقہ ہے۔ دوسری طرف انگریزوں کو اس کی فکر ہوگئی کہ سلطنت کے سرحدی مقامات پر برطانوی افواج میں اضافہ کیا جائے اور ملک کی نا اہل و سرکش سپاہ کو موقوف کردیا جائے۔

غرض نواب سعادت علی خان کی ذات سے جو باشندگان اودھ کو اپنے ملک کی فلاح و بہبود کی توقعات وابستہ تھیں وہ بالآخر پوری نہ ہوسکیں۔

لارڈ وزلی کو یہاں کی سیاسی ابتری و نیز شمالی ہند کی نازک حالت کا بخوبی علم ہوچکا تھا لیکن جنوب کے جھگڑوں میں وہ ایسا گھرا ہوا تھا کہ اس کو اتنی مہلت نہ تھی کہ اودھ کے معاملات کی طرف اپنی پوری پوری توجہ مبذول کرسکے بریں ہمہ وہ لکھنو کے رزیڈنٹ کو اس بیکار فوج کی علحدگی کے متعلق ہدایات بھیجتا رہتا تھا۔

ایسٹ انڈیا کمپنی اور سلطنت اودھ کے مابین سیاسی تعلقات کی ابتداء سنہ ۱۷۶۵ع سے ہوئی در اصل اس زمانہ ہی سے انگریزوں کے مدنظر یہ بات رہی کہ سلطنت کی فوجی قوت میں کمی کی جائے۔ اس مسلک کے پیش نظر۔

(۱) سنہ ۱۷۶۵ع میں جو سب سے پہلا معاہدہ نواب شجاع الدولہ مرحوم سے ہوا اس کی رو سے یہ طے پایا تھا کہ نواب وزیر صرف اس قدر فوج رکھینگے جو ان کی نیز قلعہ چنار کی محافظت کے لئے ضروری ہو۔ باقی رسالے موقوف کردئے جائینگے۔

(۲) اس کے بعد سلطنت کی فوجی قوت پر دوسری ضرب سنہ ۱۷۶۸ع کے معاہدہ سے لگی جس سے فوج کی تعداد محدود ہوگئی۔ اور اس میں اضافہ کا اختیار نواب وزیر کو باقی نہیں رہا۔ غرض اس طرح مابعد کے معاہدات میں یہ اصول ہمیشہ ملحوظ رہا چنانچہ عارضی فوج کے بہانہ وہاں

---

(1) Aitchison, vol. II, p. 68

(ف ۱) اس کا اعتراف ہے کہ ” اس کے دور میں بجز سعادت علی خان کی مسند نشینی کے کوئی کام ایسا نہین ہوا جس کی انجام دہی پر وہ اپنے مسلک کے خلاف مجبور ہوا ہو “ ۔(۱)

عام طور پر خیال کیا جاتا ہے کہ نواب آصف الدولہ مرحوم کی نا اہلی و عیش پرستی سلطنت اودہ کے زوال کا باعث ہوئی اگر عنان حکومت کسی قابل اور مستعد کے ہاتھہ مین ہوتی تو وہ اس بد نظمی کو دور کر کے رعایا کو خوش حال اور شاہی خزانہ کو مالا مال کر دیتا۔ کیونکہ سرزمین اودہ کا شمار ہمیشہ سے زرخیز ترین علاقوں مین سے ہوتا رہا ہے وہان صرف امن و امان قائم ہونے اور ذرائع آمدنی معین کرنے کی ضرورت تھی۔ لیکن یہہ توقعات نواب سعادت علی خان کی ذات سے پوری نہین ہوئیں۔ نواب مرحوم کے زمانہ مین ملک کی آمدنی کا بڑا حصہ ان کی ذاتیات اور فضول خرچی میں صرف ہوتا تو اب نواب سعادت علی خان کی جزرسی و کفایت شعاری کی وجہہ سے معتدبہ رقم جیب خاص کے لئے نذر داخل ہوتی اور رعایا بدستور مفلس رہتی۔

سنہ ۱۷۹۸ع میں ملک کی اندرونی و بیرونی کیفیت یہ تھی کہ سلطنت پر زمان شاہ کے حملہ کا خوف ہر وقت لگا ہوا تھا۔ اگرچہ وہ اس زمانہ میں لاہور سے واپس ہو گیا تھا تاہم اس کے دوبارہ واپس ہونے اور حملہ کرنے کے امکانات باقی تھے اس کے علاوہ نواب وزیر کا دوسرا دشمن سندھیا اس فکر میں تھا کہ موقع ملتے ہی اودہ پر اپنا تسلط جمائے۔ دوسری طرف روہیلے بھی اس تاک میں تھے۔

کرنل سکات(Col. Scott) سنہ ۱۷۹۹ع میں لکھنو کا رزیڈنٹ مقرر ہو کر آیا اس کے نزدیک اس زمانہ کی سیاست کا نقشہ یہ تھا۔

> "He found that the wazir was unpopular to an extreme degree, the durbar was deserted, the administration was hopelessly corrupt. The Nawab's object was only to temprorise and delay...
> The corruption would grow more corrupt, and the English would be responsible for the maintenance of a system which was thoroughly immoral, inefficient and dangerous."(2)

نواب وزیر کی فوجی قوت

سلطنت کے سپاہ کی تعداد عرصہ سے کم ہو رہی تھی کمپنی اور سلطنت کے درمیان مختلف اوقات میں جو دوستانہ معاہدات ہوئے تھے ان میں بطور خاص اس کا لحاظ رکھا گیا تھا کہ دیسی سپاہ کی تعداد میں بجائے اضافہ کے تخفیف ہوتی رہی چنانچہ اس پیشبندی کا یہ نتیجہ ہوا کہ رفتہ رفتہ سلطنت کی فوج کم ہوتی گئی اور جو باقی رہی وہ اس قدر ناکارہ تھی کہ اس پر اعتبار

---

(1) History of India, by Malcolm, vol I, p. 225

(2) Cambridge History of India, vol V, p. 352

(ف ۱) ،، مجھے یہ معلوم کر کے سخت ندامت ہوئی کہ کمپنی کی شہرت کو میرے ایک ایسے فعل سے صدمہ پہونچا ہے جو تمام ذی مرتبہ لوگوں کے نزدیک محض ناانصافی ہی پر مبنی نہیں بلکہ کمپنی کے لئے باعث ذلت بھی ہے۔ وزیر علی کی مسند نشینی کی ذمہ داری کمپنی پر ڈالی جاتی ہے اور یہ خیال کیاجاتا ہے کہ اس کی مرضی اور اعانت کے بغیر نواب اپنی مسند پر برقرار نہیں رہ سکتا ،،(۱)۔

سنہ ۱۷۹۸ کے معاہدہ کے ذریعہ اودہ مین مداخلت

حیدر بیگ خان دیوان اودہ، کے انتقال کے بعد سے کمپنی کو کوئی ایسا معتبر دیوان نہ ملا تھا جو اس کے مفاد کی نگرانی رکھتا اور معاہدات کی تکمیل کا ضامن بنتا اسلئے گورنر جنرل اس فکر مین تھے کہ کوئی مستقل ایسا انتظام کردیا جائے جس کے باعث سلطنت اودہ میں کمپنی کا اقتدار قائم رہے اور وہان کی بدنظمی اور مالیہ کی ابتری سے رقم معہودہ کے اقساط کی ادائی میں رکاوٹ نہ پیدا ہوا کرے۔

ان مقاصد کے پیش نظر سرجان شور کو اپنا مفاد پورا کرنے کا اس سے عمدہ موقع نصیب نہین ہوسکتا تھا۔ اگر اس وقت بھی گورنر موصوف اپنے اصولون پر قائم رہتے تو اس مین شک نہ تھا کہ نواب سعادت علی خان اپنے تدبر، فہم، وفراست سے کمپنی کے اثرات کو گھٹانے کی ممکنہ کوشش سے دریغ نہ کرتے۔ جس کے معنی یہہ تھے کہ نہ صرف سلطنت اودہ بلکہ شمالی ھند سے کمپنی کا اثر زائل ہوجاتا اور انگریزون کا کوئی یار و مددگار نہ رہتا۔ اس موقع پر یہہ سمجھتے ہوئے کہ نواب سعادت علی خان کمپنی ہی کی وجہہ سے مسند نشین ہونے کے باعث اس کے مرہون منت ہین اور سخت سے سخت شرائط پر بھی آمادہ ہوجائین گے۔

ایک معاہدہ طے پایا جس کے بموجب سلطنت کی اندرونی آزادی کا خاتمہ ہوگیا۔ اور بجائے ایک خود مختار و آزاد سلطنت کے اودہ ایک باجگذار ریاست بن گئی۔ سالانہ رقم مین اب مزید اضافہ ہوگیا اور اقساط کی عدم ادائی کی صورت مین ایک حصہ مکفول کردینے کا اقرار کیا گیا۔

اس زمانہ مین شمالی ھند کی سیاسی حالت نازک تھی۔ کمپنی کو علاوہ مرہٹون کے، افغانون کے حملہ آور ہونے کا ڈر لگا ہوا تھا اور ساتھہ ہی ساتھہ یہہ اندیشہ بھی تھا کہ نواب وزیر کی زائد اور بیکار فوج کہین افغانون سے نہ مل جائے۔ لہذا مذکورہ بالا معاہدہ میں اس خطرہ کا لحاظ بھی کیا گیا۔

یہہ وہ واقعات ہین جن سے سرجان شور کی ،، مداخلت ،، کے مسلک پر کافی روشنی پڑتی ہے۔ در اصل ان حالات نے اس کو شمالی ھند میں اپنے اصولون اور پالسی کے تبدیل کرنے پر مجبور کیا چنانچہ خود اس کو:-

---

(۱) History of India, by Malcolm vol I, P. 202

اودہ اور ایسٹ انڈیا کمپنی کے تعلقات (۱۷۹۸؁ء تا ۱۸۰۱؁ء)

از

محمد کاظم رضا - ایم - اے - (عثمانیہ)

سرجان شور گورنر جنرل هند کی حکمت عملی عدم مداخلت کے اصول پر مبنی تهی اور وه عام طور پر اس اصول کا سختی سے پابند بهی رها ۔ مگر جب هم ان واقعات کا مطالعه کرتے هیں جو اس کے زمانے میں سلطنت اوده میں رونما هوئے یا اس کا جو طرز عمل نواب وزیر کے ساته رها تو هم کو متحیر و متعجب هوکر ان اسباب پر غور کرنا پڑتا هے جن کی بناء پر شور اپنے مسلك سے گریز کر کے اوده کے اندرونی معاملات میں مداخلت کرتا هے ۔

نواب وزیر علی خان کی مسند نشینی کے بعد شور لکهنو ان خیالات کے تحت روانه هوتا هے که وهاں پهونچنے کے بعد وه مسئله وراثت میں قطعاً تبدیلی نهیں کریگا ۔ وه اس شش و پنج میں پڑگیا که اگر اپنی پالسی پر قائم رهتا هے تو همیشه کیلئے سلطنت سے کمپنی کا اثر اٹها جاتا هے ۔ علاوه اس کے وزیر علی خان کی مسند نشینی کے فیصله میں تبدیلی نه کرنے سے کمپنی کے نام اور انصاف پر بٹه آنے کا جو خطره پیدا هوگیا تها اس کا بهی اس کو احساس تها ۔

ماسواء اس کے دوسری وجهه شور کو مسند نشینی کے مسئله میں دخل دینے کی یه پیش آئی که اس نے وزیر علی خان کی طبیعت کا اندازه کرتے هوئے یه نتیجه نکالا که وه انگریزوں کا سخت دشمن هے اور کمپنی کے مفاد کے خلاف اس کے دماغ میں سخت مخاصمانه تدابیر هیں ۔ اگر یه شخص حکمران رها تو کمپنی کا اثر و اقتدار سلطنت میں باقی نه رهیگا جس سے سیاسی حلقوں میں کمپنی کی سبکی اور ذلت هوگی ۔ اس کے پهلے نواب سعادت علی خان سے یه وعده کرلیا گیا تها که وه اپنے بهائی کے انتقال کے بعد مسند اوده کے وارث هونگے ۔ اس عهد و پیمان و نیز ایك غیر مستحق شخص کو مسند نشین کرادینے سے جو بدنامی هورهی تهی اس کا بهی شور کو پاس و لحاظ تها ۔

غرض کمپنی کی سبکی و بدنامی اور وزیر علی خان کی ذات سے کمپنی کے مفاد کو سخت نقصان پهونچنے کے اندیشے نے سرجان شور کو اپنے مسلك سے هٹکر ،، مداخلت ،، کا طرز عمل اختیار کرنے پر مجبور کیا چنانچه وه اس موقع پر اپنی ندامت کا اظهار الفاظ ذیل میں کرتا هے ۔

*

ایک قابل عمل نمونے اور ایک واجب التعمیل نظیر اور حکم کا کام دینے لگا۔ **اسلامی تصور عدل** کے متعلق چند آیتوں کی تلاوت سے اسے ختم کرتا ہوں:—

ان اللہ یامر بالعدل والاحسان —
ولا یجرمنکم شنآن قوم علی الا تعدلوا اعدلوا ھو اقرب للتقوی —
جزاء سیئة سیئة مثلها فمن عفا واصلح فاجره علی اللہ —
وان عاقبتم فعاقبوا بمثل ما عوقبتم به ولئن صبرتم لهو خیر للصابرین۔

والحمد للہ رب العالمین!

زمانه جاهلیت کے تمام آثار مٹادئے جاتے هیں سوائے خانه کعبه کی تولیت اور حاجیون کے پانی کے انتظام کے ۔

قتل عمد میں قصاص لیا جائیگا اور شبه عمد میں سو اونٹ خون‌بہا دیا جائیگا ۔

سال کبیسه کی تقویم برخاست کی جاتی هے اور قمری سنه رائج کیا جاتا هے جس میں باره مهینے هوتے هیں ۔

میاں اور بیوی کے ایک دوسرے پر حق هوتے هیں ۔ شوهر کا حق یه هے که بیوی پاکدامن رهے اور ان لوگون کو گهر میں داخل هونے نه دے جن کو شوهر ناپسند کرتا هے ۔ بیوی کا حق یه هے که شوهر اسے اچها کهلائے اور پهنائے ۔ عورتیں ایک امانت هیں ۔ ان سے سلوک میں خدا سے ڈرو اور اچها برتاو کرو ۔

سب مسلمان آپس میں بهائی بهائی هیں، بلا رضامندی کوئی کسی کا مال نه لے اور نه آپس میں لڑائی کرے ۔

میں تم میں دو بهاری چیزیں چهوڑے جاتا هوں جب تک تم ان کو تهامے رهوگے ، تم بهٹکوگے نهیں ۔ وه قران اور سنت هیں ۔ اور میں تمهیں میرے اهل بیت سے سلوک کے متعلق بهی تاکید کرتا هوں ۔

سب لوگون کا رب بهی ایک هی هے اور سب آدمیون کا باپ بهی ایک هی هے ۔ تم آدم سے هو اور آدم مٹی سے بنے تهے ۔ خدا کے نزدیک تم میں سے محترم وهی هے جو سب سے زیاده متقی هو، ورنه کسی عرب کو کسی عجمی پر کوئی فضیلت نهیں ۔

وراثت کےلئے حصے خدا نے مقرر کردئے هیں ۔ وصیت ایک تهائی مال سے زیاده کی روا نهیں ۔

بچه فراش (عورت؟) کا هوگا اور زانی کو پتهر ملینگے ۔

نسب اور ولاء میں جهوٹے دعوے اور کوشش ایک ملعون فعل هیں ۔

یه ایک سرسری خاکه هے جو ابتدائے اسلام کے ، زیاده تر طرزعمل اور نظائر کی روشنی میں ، مرتب کیا گیا ۔ اور یہی طرزعمل بعد کے زمانون میں همیشه تمام دنیائے اسلام کے لئے

نظر سے مقنن اصلی اور سرچشمۂ احکام صرف خدائے حکیم و قدیر کی ذات ہے جس کا کوئی حکم نامناسب یا ظالمانہ نہیں اور جو انسانوں کو مرنے کے بعد دوبارہ زندہ کرکے ان کے اعمال کا حساب و کتاب لیگا اور اسی کے مطابق سزا یا جزا دیگا۔ آنحضرت ایک پیغمبر تھے اور خدا کا پیغام بندوں تک پہنچاتے تھے، اپنے دل سے کچھ نہیں کہتے تھے۔ ”وما ینطق عن الھوی ان ھو الا وحی یوحی“ ۱۔

غرض خدا نے اپنے احکام کچھ تو اپنی ”کتاب“ ۲ یعنی قرآن کی صورت میں دئے جو ابتدائے اسلام سے تھوڑا تھوڑا نازل ہوکر آنحضرت کی زندگی میں مکمل ہوگیا۔ اس کے سوا کچھ اور احکام آنحضرت کے قول و فعل کے ذریعے پہنچائے گئے اور قرآن ہی میں ان کے واجب التعمیل ہونے کی صراحت کردی گئی ۳۔

یہ تو راست قانون سازی تھی۔ فقیہ، مجتہد، قاضی، وغیرہ اسی قانون موضوعہ کے پابند ہوتے ہیں گو جیسا کہ حضرت معاذ بن جبل گورنر یمن کے سلسلے میں بیان کیا گیا، اجتہاد اور صوابدید نیز استحسان کے لئے گنجائش رکھکر قانون میں ضروری لچک پیدا کردی گئی۔

قرآن و حدیث اور آرائے مجتہدین یعنی اجماع و قیاس سے قانون اسلام کا انتخاب، استنباط، تدوین اور ترقی اس وقت ہمارے موضوع سے خارج ہیں۔ البتہ اس مختصر خاکے کے آخر میں ان حقوق اساسی کا ذکر بے محل نہ ہوگا جو آنحضرت صلعم نے حجة الوداع (سنہ ۱۰ھ) کے موقع پر اپنے جبل الرحمة کے مشہور پہاڑی خطبے ۴ میں حلقہ بگوشان اسلام کے لئے مقرر فرمائے۔ یہ خطبہ مسلمانوں کی تاریخ تمدن میں ایک منشور انسانیت کا کام دیتا ہے۔ اس کا خلاصہ یہ ہے:-

ہر شخص کے تین بنیادی حقوق یعنی جان، مال، عزت محفوظ اور قابل احترام ہیں۔

امانت (اور قرض) واپس ادا کئے جائیں۔

زمانہ جاہلیت کا سود ممنوع کیا جاتا ہے اور فی الوقت واجب الادا سود بھی نہیں دلائے جائینگے، صرف اصل واپس ملیگا۔ خود حضرت عباس کے سود بھی کالعدم کئے جاتے ہیں۔

زمانہ جاہلیت میں کئے ہوئے خون لوگ اب بھول جائیں اور ان کے بدلے اور انتقام کا خیال نہ کریں۔ خود آنحضرت اپنے چچا زاد بھتیجے کا خون معاف کرتے ہیں۔

---

(۱) قران سورہ نجم آیت ۳۔

(۲) لفظ کتاب کے معنے فرض مقررہ کے بھی ہیں۔

(۳) قران ۲۳ : ۲۱ - ۵۹ : ۷ - وغیرہ

(۴) پورے متن کے لئے دیکھئے ابن ہشام ص ۹۶۸ تا ۷۰۔ تاریخ طبری ص ۱۷۵۳ تا ۵۵۔ البیان والتبیین للجاحظ ج ۲ ص ۲۴ تا ۲۶۔ تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۱۲۲ تا ۲۳۔ العقدالفرید لابن عبدربہ باب خطب وغیرہ وغیرہ۔

چونکه مقدمات هر قسم کے پیش هوتے هیں اس لئے ان کے تسویے کیلئے ماهرین کی امداد حاصل کرنی ضروری هوتی هے۔ تعمیرات [۱]، غلے اور زرعی پیداوار کا اندازہ [۲]، قیافه شناسی [۳]، اور اسی طرح کی چند چیزون کے ماهر خود عهد نبوی میں عدالتی اغراض کیلئے بر سر موقع بهیجے جایا کرتے تهے اور ان کی رائے پر آنحضرت فیصله کرتے اور فیصله نافذ کراتے۔

قاضی کا تقرر شروع سے مرکز حکومت سے متعلق رها هے خاص کر صوبون کے صدر قاضی۔ البته بعض بیانات سے معلوم هوتا هے که حضرت علی اور خود حضرت عمر اپنے گورنرون کو اجازت دیتے تهے که اپنے علاقے میں حسب ضرورت حکام عدالت خود مقرر کریں اور انهیں کافی تنخواه دے کر مستغنی بنادین [۴]۔

قاضیون کا سخت غصے کی حالت میں فیصلے نه کرنا، پیچیده مقدمون میں مشورے کرنا، جهوٹے دعوے، جهوٹی شهادت اور جانبدارانه فیصلون پر سخت وعیدیں، رشوت اور سفارش کی ممانعت، مبهم فیصلون (قضاء بقضائین) کی ممانعت، وغیره امور زیاده تر ادب القاضی سے متعلق هیں۔ ان پر اس مختصر اشارے کے بعد ایک اهم تر چیز کا ذکر کیا جاتا هے :—

عدل گستری کے لئے حق و ناحق میں امتیاز کرنے کیلئے ایک معیار یعنی ایک قانون کی ضرورت هوتی هے تاکه فیصلون میں هر جگه یکسانی رهے اور لوگون کو اپنے حقوق و فرائض پهلے هی سے معلوم رهیں اور ساتهه هی ان احکام کی خلاف ورزی کے لئے ایک تدارک اور ایک تهدید بهی مقرر کر دی جائے تاکه ان کی پابندی زیاده سے زیاده هوسکے۔

تدارک کے لئے عام طور پر صرف حکومت کی قوت کام میں لائی جاتی هے لیکن پوشیده جرائم خاص کر جهوٹی تاویلون کی اس سے روک تهام نهیں هوتی۔ اسی لئے اسلام نے برائیون کی اصل جڑ پر وار کیا اور احکام کو ایک تقدس دیدیا تاکه هر فرد رعیت خوف سے نهیں بلکه به رضا و رغبت اور نه صرف ظاهر بلکه باطن میں، حکومت کی دار و گیر سے بالکل باهر بهی، هر جگه اپنے فرائض بجالائے اور جرم اور گناه سے بچے۔ حشر و حساب کا عقیده بهی اس کو موثر بنانے میں بڑا حصه لیتا هے۔ مطلب یه که اسلامی نقطهٔ

---

(۱) (بصیر بالبناء) کتانی ج ۱ ص ۲۸۰ تا ۸۱۔

(۲) (خراص) کتاب الاموال لابی عبید فقره ۱۴۳۵ تا ۸۶۔ نیز بکثرت دیگر حوالے۔

(۳) الطرق الحکمیه لابن القیم ص ۱۹۶ مزید حوالون کے لئے مفتاح کنوز السنه عنوان قائف۔

(۴) الکتانی، التراتیب الاداریه ج ۱ ص ۲۶۰۔

متعدد نظیروں سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ آنحضرت فوجداری مقدموں میں ملزم کو تحقیقات تك اور مدیون کو قرض کی ادائی کیلئے حوالات میں رکھتے تھے [۱]۔ نیز حاضری کا مچلکہ بھی لیتے تھے [۲]۔ خلافت راشدہ میں قیدخانوں کیلئے مستقل عمارت ہونے لگی تھیں۔ اس غرض کیلئے حضرت عمر کا مکان خریدنا مشہور ہے۔ حضرت علی کے بنائے ہوئے دو قیدخانے نافع اور مخیس کے نام سے معروف ہیں [۳]۔

انگریزی قانون کا ایك اہم اصول ہے کہ بادشاہ کے خلاف کوئی مقدمہ نہیں دائر کیا جاسکتا کیونکہ king can do no wrong ۔ لیکن اسلام کسی انسان کو خطا سے مبرا نہیں سمجھتا۔ اور یہی وجہ ہے کہ آنحضرت صلعم نے خود اپنی ذات کے خلاف ٹارٹ اور دیوانی دونوں قسم کے متعدد مقدمات سنے اور مدعیوں کے حق میں فیصلے صادر کئے [۴]۔ حضرت عمر نے نہ صرف اضلاع بلکہ مستقر حکومت مدینۂ منورہ میں مستقل اور پورا وقت دینے والے قاضی مقرر کردئے تھے۔ اسی کا نتیجہ تھا کہ خود خلیفے کے خلاف کوئی مقدمہ دائر ہوتا تو خلیفے کو بھی عدالت میں حاضر ہوکر جوابدہی کرنی پڑتی۔ اس قسم کی نظیرین نہ صرف حضرت عمر اور حضرت علی کے زمانے میں ملتی ہیں [۵] بلکہ خلفائے بنی امیہ و بنی عباس تك اس سے اپنے کو مستثنا کرنے کی جرأت نہیں رکھتے تھے اور عبدالملك اور منصور کا عدالت میں مدعا علیہ بنکر جواب دہی کے لئے حاضر ہونا [۶] مثال کیلئے کافی ہے۔

مستقل قاضیوں کے سلسلے میں ایك بعد کے زمانے کا واقعہ بیان کرنا دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔ مورخ ابن الجوزی نے بیان کیا ہے کہ عبیداللہ ابن الحسن العنبری اور عمر بن عامر بصرے میں پہلی مرتبہ ایك عدالت میں مشترك قاضی مقرر کئے گئے اور انہیں حکم دیا گیا کہ وہ مل کر مقدمے سنیں اور متفقہ فیصلے صادر کرین۔ [۷]

قاضی یا حاکم عدالت کا اجلاس شروع میں عموماً مسجد میں ہوتا تھا جو شہر کے ٹاؤن ہال کا کام دیتی تھی۔ ان مسجدوں میں مسلم اور غیر مسلم سب بے تکلف آسکتے تھے۔ ابن عساکر کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عثمان کے زمانے میں ایك عمارت دارالقضاء کے نام سے بن چکی تھی [۸]۔ سلطان نورالدین زنگی کا ایك دارالعدل تعمیر کرانا البتہ ایك بعد کا واقعہ ہے۔

---

(۱) ابوداود ۲۳ : ۲۸ ۔ قرطبی ص ۴ تا ۵ ۔ کتانی ج ۱ ص ۲۹۶ ۔

(۲) مبسوط ج ۲۰ ص ۷۵ ۔

(۳) مبسوط ج ۲۰ ص ۸۸ ۔

(۴) ابن ہشام ص ۴۴۴ ۔ ابن الاثیر ج ۲ ص ۲۴۱ ۔

(۵) مبسوط ج ۱۶ ص ۷۳ ، ۷۴ ، ۱۲۲ ۔ طبقات ابن سعد ۲/۱ ص ۹۷ ۔

(۶) ولاۃ مصر للکندی ص ۳۵۶ ، ۳۵۷ ۔

(۷) کتاب الاذکیاء (مخطوطہ باڈلیئن) ورق ۳۳ ب نیز دیکھئے کتاب المقارنات ص ۲۹ ۔

(۸) بحوالہ کتانی ج ۱ ص ۲۷۱ ۔

اگر مدعی کو اپنا حق ثابت کرنے یا شہادت فراہم کرنے میں مہلت درکار ہو تو وہ دیجائے۔ شہادت سے اگر وہ دعوی ثابت کردے تو اس کے موافق ورنہ اس کے مخالف فیصلہ صادر کیا جائے۔

شہادت کے اغراض کے لئے سب مسلمان قابل اعتماد ہیں ، سوائے بدچلنی میں سزا یافتہ (مجلود فی حد) اور ایسے لوگوں کے جن کا جھوٹی گواہی دینا اس سے پہلے ثابت ہوچکا ہو۔

کسی مدعی کے رشتہ دار کی خاص اس مقدمے میں شہادت قابل اعتماد نہیں۔

مجلس عدالت میں غرور و تکبر ، لوگوں کو جھڑکنا اور حق بات پر ناگواری نہیں ظاہر کرنی چاہئے۔

خدا سب دیکھتا ہے اور سنتا ہے ، اسی سے سب کو اپنا معاملہ صاف رکھنا چاہئے۔

اس عہد کا اسلامی قانون شہادت اتنا وسیع موضوع ہے کہ ایک مستقل مقالے کے بغیر یہ بتانا ناممکن ہوگا کہ تفتیش کس طرح ہوتی تھی ، تنقیح شہادت اور جرح کے کیا قواعد تھے ، گواہوں کی تعداد ، عمر ، مرد اور عورتیں ، مسلم اور غیر مسلم کی شہادت ، غیر ملکی مستامنوں کے عدالتی حقوق وغیرہ کے کیا قاعدے تھے۔

قاضیوں کی تنخواہ بھی ایک دلچسپ چیز ہے۔ اسلام میں اس اصول کو شروع ہی سے تسلیم کیا جاتا رہا ہے کہ قاضیوں کو معقول بلکہ بیش قرار تنخواہیں دیکر رشوت کے لالچ سے بچایا جائے۔ آنحضرت طالب عہدہ لوگوں کو کبھی گورنر یا قاضی نہیں بناتے تھے۔ تاریخ سے ثابت ہوتا ہے کہ آنحضرت نے حکام عدالت کیلئے ماہوارین بھی مقرر کرنی شروع فرمادی تھیں اور اس بارے میں حضرت عتاب بن اسید کا نام بہ طور نظیر پیش کیا جاتا ہے ، جن کو ، کہتے ہیں کہ ، ماہانہ تیس درہم تنخواہ دی جاتی تھی ۱۔ سلیمان بن ربیعة الباہلی کو حضرت عمر ماہانہ پانچ سو درہم دلاتے تھے اور کمسن قاضی شریح کو ماہانہ ایک سو ۲۔ حضرت علی اپنے زمانۂ خلافت میں ایک مرتبہ قاضی شریح کے پاس اپنے ایک مقدمے کیلئے رجوع ہوئے اور اپنے بیٹے امام حسن کو بہ طور گواہ پیش کیا۔ حضرت علی کے ، باوجود خلیفہ ہونے اور امام حسن کی خصوصی شخصیت بتاکر اصرار کرنے کے ، قاضی شریح نے بیٹے کی گواہی کو باپ کے حق میں قبول کرنے سے انکار کردیا۔ اس واقعے کے کچھ دنوں بعد حضرت علی نے قاضی شریح کی بھی ماہوار پانچ سو درہم مقرر کردی ۳۔

---

(۱) کتانی ج ۱ ص ۲۶۴ بحوالہ ھدایہ۔ ("و فرض له اربعین اوقیه من فضه" المنتقی فی اخبار ام القری للفاکہی ص ۴۰)

(۲) مبسوط ج ۱۶ ص ۱۲۲۔

حضرت عمر نے اپنی خلافت کے زمانے میں مختلف صوبوں کے قاضیوں کو جو ھدایتیں دی تھیں ان میں سے چند تاریخ نے محفوظ رکھی ھیں [۱]۔ ان میں سے ایك جو ”کتاب سیاسة القضاء و تدبیر الحکم“ کے موزوں نام سے مشہور ھے، [۲] سب سے زیادہ اھم ھے۔ یہ وہ ھدایتنامہ ھے جو انہوں نے حضرت ابو موسی الاشعری کو بصرے کا قاضی بنانے کے بعد بھیجا تھا اور جو آج کل بھی حکام عدالت کے لئے دستور العمل بن سکتا ھے۔ اس کی اھمیت نے آکسفرڈ کے پروفیسر عربی ڈاکٹر مارکولیوث کو سنہ ۱۹۱۰ع میں اس بات پر آمادہ کیا تھا کہ اس پر ایك بسیط مضمون لکھے [۳]۔ مگر بد قسمتی سے اصل دستاویز کا انگریزی ترجمہ جو مارکولیوث نے کیا ھے، حد درجہ ناقص ھونے سے اس کی اھمیت کا کوئی صحیح اندازہ پڑھنے والے کو بالکل نہیں ھوسکتا۔ اسلامی مولفوں نے بھی قدیم سے اس دستاویز کو بڑی اھمیت دی ھے اور اس پر شروح لکھے ھیں [۴]۔ اس کافی طویل دستاویز کا یہاں خلاصہ پیش کیا جاتا ھے۔ اصل متن بکثرت مولفوں نے محفوظ کیا ھے۔ [۵]

قضاءت ایك خدائی فریضہ ھے اور آنحضرت کا واجب التعمیل حکم اور طرز عمل۔

اگر آپ کے پاس کوئی مقدمہ رجوع ھو تو غور و فکر کے بعد پوری طرح سمجھ کر فیصلہ کیجئے اور اس کی تعمیل کرائیے۔ بغیر تعمیل کے اچھے سے اچھا فیصلہ بھی بیکار ھے۔

فریقین سے برابری کا برتاو کیجئے تاکہ کمزور آپ کے عدل سے مایوس نہ ھوجائے اور قوی ظالم اس سے بے جا فائدہ نہ اٹھائے۔ بار ثبوت مدعی پر ھے اور منکر پر صرف قسم۔

اگر فریقین صلح کرلینی چاھیں تو وہ جن شرائط پر چاھیں صلح کرسکتے ھیں۔ صرف شرط یہ ھے کہ اس طرح کوئی حرام چیز حلال نہ ھوجائے اور حلال چیز حرام۔

فیصلہ کرچکنے کے بعد نظر ثانی میں کوئی حرج نہیں کیونکہ اصل حق رسانی اور انصاف ھے۔

اگر کسی بات کے فیصلے میں قرآن اور سنت میں کوئی چیز نہ ملے تو خوب غور و فکر کیجئے اور نظائر اور مشابہ امور کو ڈھونڈ کر ان پر قیاس کیجئے۔ اور ایسا فیصلہ کیجئے جو خدا کو زیادہ پسند آئے اور حق سے زیادہ قریب ھو۔

---

(۱) بنام حضرت ابو عبیدہ (کتاب الخراج لابی یوسف ص ۶۷) بنام حضرت معاویہ (المبسوط للسرخسی ج ۱۶ ص ۶۵۔ العقد الفرید لابن عبدربہ ج ۱ ص ۲۵)۔ دیگر بنام شریح (مبسوط ج ۱۶ ص ۶۶۔ کنزالعمال ج ۲ ص ۱۷۵) بنام حضرت ابو موسی علاوہ اس کے جس کا آگے ذکر ھے (العقدالفرید ج ۱ ص ۲۶)۔

(۲) مبسوط ج ۱۶ ص ۶۰۔

(۳) Journal of the Royal Asiatic Society, 1910.

(۴) مثلاً السرخسی نے مبسوط ج ۱۶ ص ۶۰ وما بعد میں اور ابن القیم نے اعلام الموقعین جلد اول میں۔

(۵) عربی متن اور جملہ عربی ماخذوں کے لئے دیکھئے مارگولیوث کا مذکورہ مضمون۔

مابعد کو ان کی اہلیت کے متعلق بدگمانی نہیں ہوئی ۱۔ انہیں قاضی شریح کو حضرت عمر نے جو ہدایتنامہ دیا تھا اس کے چند فقرے خود ان کی زبانی سنئے :-

ما استبان لك من كتاب الله فلا تسئل عنه فان لم يستبن فى كتاب الله فمن السنة فان لم تجده فى السنة فاجتهد رايك۲ ۔

اگر تجھکو کتاب اللہ میں کوئی چیز مل جائے تو پھر اس کے متعلق کسی اور سے رجوع نہ کر۔ اگر کتاب اللہ میں نہ ملے تو سنت میں اور جو سنت میں بھی نہ ملے تو پھر اپنی رائے کو کام میں لا۔

ایک دوسری روایت میں ہے :-

قال الشعبى عن شريح قال قال لى عمر اقض بما استبان لك من كتاب الله فان لم تعلم كل كتاب الله فاقض بما استبان لك فى قضاء رسول الله فان لم تعلم (كل) قضاء رسول الله فاقض بما استبان لك من (قضاء) ائمة (الائمة؟) المهتدين فان لم تعلم كل ما قضته ائمة (الائمة؟) المهتدين فاجتهد رايك و استشر اهل العلم و الصلاح ۔ ۳

شعبی نے شریح سے روایت کی ہے، انہوں نے کہا، مجھسے حضرت عمر نے فرمایا اگر کتاب اللہ میں کوئی چیز مل جائے تو اسی کے مطابق فیصلہ کر۔ اگر پوری کتاب اللہ میں بھی وہ مسئلہ نہ ملے تو رسول اللہ کے فیصلوں میں جو چیز ملے اس کے مطابق فیصلہ کر۔ اگر رسول اللہ کا کوئی فیصلہ نہ ملے تو راہ یاب اماموں کے فیصلوں کے مطابق فیصلہ کر۔ اگر راہ یاب اماموں کے فیصلوں میں بھی کوئی چیز نہ ملے تو اپنی رائے کو کام میں لا اور علم و صلاح والوں سے مشورہ کر۔

جیسا کہ اوپر بتایا جا چکا ہے یہی طرز عمل اور حکم آنحضرت کا تھا اور بغوی نے لکھا ہے کہ حضرت ابوبکر کا بھی یہی طرز عمل تھا۔ ۴

---

(۱) المعارف لابن قتیبۃ ص ۲۲۱ ۔ وفیات لابن خلکان بر موقع ۔ استیعاب لابن عبدالبر، نمبر ۳۱۵۹

(۲) اعلام الموقعین لابن القیم ج ۱ ص ۳۰ ۔ بعض اور تفصیلوں کے لئے دیکھئے المبسوط ج ۱۶ ص ۶۶ ۔ کنز العمال ج ۲ ص ۱۷۵ ۔

(۳) اعلام ج ۱ ص ۷۳ تا ۷۴ آخری جملے کی تائید کے لئے دیکھئے سنن نسائی کتاب آداب القضاء ۔ نیز المقارنات ص ۷۲

(۴) بحوالہ ایسا سم الشرعیۃ لعبدالوہاب الخلاف ص ۴۷ ۔

اس قاعدے کو بدلنے کی اب تک کہیں ضرورت نہیں سمجھی گئی ھے ۔ مزید بر آں ، مدعی اپنے نا کافی ثبوت کی تلافی (جب کہ مدعا علیہ کے پاس بھی جوابی ثبوت نہ ھو) قسم کے ذریعے بھی کرتا اور عہد نبوی میں اس کی بکثرت نظیریں ملتی ھیں[1] ۔ ایک نسبۃ فروتر اخلاق کے زمانے میں ثبوت میں پیش شدہ گواھوں کے علاوہ ، قاضی شریح مدعی کو قسم بھی دیتے تھے کہ اس کا دعوی سچا ھے ۔ لوگوں نے اس پر اعتراض کیا تو انھوں نے کہا :۔

رأیت الناس احدثوا فاحدثت ۔ [2]	جب میں نے دیکھا کہ لوگوں میں نت نئی برائیاں پیدا ھوگئی ھیں تو مجھے بھی نئے طریقے اختیار کرنے پڑے ۔

اسی سلسلے میں حضرت علی کی ایک نئی اصلاح کی طرف توجہ منعطف کرائی جاسکتی ھے ۔ وہ یہ کہ گواھوں کی پیشی پر ان کا ”تزکیہ“ یعنی معتبر ھونے کے متعلق اھل محلہ وغیرہ کا اظہار ، قدیم سے رائج تھا لیکن اس تحقیقات کو قاضی شریح نے مخفی طور سے کرانا شروع کیا[3] ۔ اور جھوٹے گواھوں کا انسداد کرنے کے لئے حضرت علی ایک گواہ کا اظہار لیتے وقت دوسروں کو عدالت کے کمرے سے ھٹادیتے تھے اور ان کا قول مشہور ھے کہ ”انا اول من فرق بین الشھود“[4] ۔ ورنہ اس سے پہلے سب گواہ کمرہ عدالت میں حاضر رھتے اور ایک دوسرے کے بیانات سنتے رھتے تھے ۔

قاضی شریح کا ذکر اب تک کئی بار آیا ھے ۔ فصل خصومات ان کا موروثی پیشہ تھا اور ان کے والد ھانی اپنے بے لاگ فیصلوں کے باعث زمانۂ جاھلیت میں ابوالحکم کے معزز نام سے مخاطب کئے جاتے تھے[5] ۔ خود شریح ان مادر زاد قاضیوں میں سے ھیں جن کی تعداد تاریخ عالم میں بھی بہت کم ھے اور جن پر ھر قوم بجا طور پر فخر کرسکتی ھے ۔ یہ بچے سے تھے کہ انھوں نے ایک پیچیدہ قانونی مقدمے میں جس میں خلیفہ حضرت عمر پریشان تھے ایک بہترین اصول اس پیچیدگی کے حل کا بتایا ۔ مردم شناس و قدردان حضرت عمر اس قدر خوش ھوئے کہ باوجود لوگوں کی مخالفت کے اس کمسن بچے کو عراق کے اھم صوبے کا قاضی بنا کر کوفہ روانہ کیا ۔ قاضی شریح کو وھاں جو کامیابی ھوئی اس کے لئے صرف اتنا بیان کردینا کافی ھوگا کہ وہ تقریبا پچھتر سال تک مسلسل اسی کام کو انجام دیتے رھے اور کسی خلیفۂ

---

(۱) مسلم ۳۰ : ۱ ۔ ترمذی ۱۳ : ۱۳ ابو داود ۲۳ : ۲۱ (چنانچہ "قضی بشاھدویمین")

(۲) الطرق الحکمیۃ ص ۱۲۸

(۳) المبسوط للسرخسی ج ۱۶ ص ۹۱ ۔ نیز محاضرۃ الاوائل ص ۹۷ ۔

(۴) الطرق الحکمیۃ لابن القیم ص ۶۰ ۔

(۵) سنن نسائی میں کتاب آداب القضاۃ دیکھئے ۔

« انما انا بشر وانكم تختصمون الى ولعل بعضكم ان يكون الحن بحجته من بعض فأقضي له على نحو ما اسمع منه فمن قضيت له بشئي من حق اخيه فلا يأخذ منه شيا فانما اقطع له قطعة من النار ».

« بے شبہہ میں صرف ایک انسان ہوں ۔ تم میرے پاس جھگڑتے آتے ہو اور یہ ممکن ہے کہ کوئی شخص دلیل بہ نسبت دوسرے کے زیادہ چرب زبانی کے ساتھہ پیش کرے اور میں جو کچھہ سنوں اسی کے مطابق فیصلہ صادر کروں ۔ اگر کسی کو میرے (اس طرح کے) فیصلے سے (ناحق) کچھہ ملے تو وہ اس سے استفادہ نہ کرے کیونکہ میں جو کچھہ دیتا ہوں وہ آگ کے ایک ٹکڑے کے سوا کچھہ نہیں ».

جس سماج میں پیشہ ور وکیل اور اڈوکیٹ نہ ہوں اور جو قانونی حق سے زیادہ قدرتی حق پر زور دیتا ہو اس کے قاضیوں کے لئے حضرت علی کو دی ہوئی اس ہدایت نبوی سے بہتر اور کیا ہدایت دی جاسکتی ہے کہ :-

اذا جلس بين يديك الخصمان فلا تقض بينهما حتى تسمع من الآخر كما سمعت من الاول فانه احرى ان تبين لك القضاء. قال فما زلت قاضيا وما شككت في قضاء بعده ۔ ۱

جب تیرے پاس دو جھگڑنے والے آئیں تو تو اس وقت تک ان کا فیصلہ صادر نہ کر جب تک کہ تو پہلے اور دوسرے دونوں کا بیان نہ سن لے ۔ تجھے اس طرح صحیح فیصلے کا سجھائی دینا زیادہ ممکن ہے ۔ (حضرت علی فرماتے ہیں) اس کے بعد سے میں ہمیشہ فیصلے کرتا رہا ہوں اور فیصلے کرنے میں مجھے کبھی شک اور ہچکچاہٹ نہیں محسوس ہوئی ۔

آنحضرت صلعم نے قانون اور انصاف رسانی کا یہ اہم قاعدہ مقرر فرمادیا تھا کہ بار ثبوت مدعی پر ہے اور اگر مدعی ثبوت نہ پیش کرسکے ۲ تو دعوے کے منکر یعنی مدعا علیہ کو قسم دی جائے ۔ ۳

---

(۱) ترمذی ۱۳ : ۵ - ابو داود ۲۳ : ۶ ابن حنبل ج ۱ ص ۱۱۱، ۱۴۹، ۱۵۰، ۹۰، ۹۶ - کتانی ج ۱ ص ۲۵۷ تا ۶۱ -

(۲) ابن حنبل ج ۱ ص ۲۸۸ -

(۳) البينه على المدعى واليمين على المدعى عليه (واليمين على من انكر) بخاری ۴۸ : ۶، ۵۲ : ۲۰ - ۵ مسلم ۳۰ : ۱، ۲ - ابو داود ۲۱ : ۱۳، ۲۳ : ۲۳، ۲۴ - ترمذی ۱۳ : ۱۲ نسائی ۴۹ : ۳۶ ابن ماجۃ ۳۶ : ۸ ابن حنبل ج ۱ ص ۳۴۲، ۳۵۱، ۳۵۶، ۳۶۳ - المبسوط للسرخسی ج ۱۷ ص ۲۸ - الطرق الحکمیۃ لابن القیم ص ۹۴

ابھی بیان ہوا کہ مختلف صوبوں پر جو عامل اور قاضی بھیجے جاتے تھے انہیں خاص احکام اور ہدایتیں دی جاتی تھیں۔ مرکزی حکومت مدینہ میں عدالت ابتدائی ہر قبیلے کے عریف اور نقیب ہوتے یا مفتی اور قاضی۔ عدالت مرافعہ اور عدالت انتہائی خود جناب رسالت مآب کی ذات تھی۔ ”مرافعہ“ اور ”استصواب“ آنحضرت کے پاس بعض وقت اضلاع اور صوبہ جات سے بھی ہوتا۔ ”تصحیح“ کی بھی متعدد نظیریں تاریخ نے اس عہد کے متعلق محفوظ کی ہیں اور جب کبھی آنحضرت صلعم کو کسی افسر کے غلط فیصلے یا طرز عمل کا پتہ چلتا تو آپ (بصیغۂ تصحیح) دخل دہی فرما کر تلافی اور تدارک فرماتے۔ حضرت خالد بن الولید اور واقعہ بنی جذیمہ اس کی ایک انتہائی مثال ہے۔ تصحیح اور مرافعے کا نظام حضرت عمر کے زمانے میں ایک بہت ہی ترقی یافتہ ادارہ بن گیا تھا اور انہوں نے حج کے موقع کو ایک عدالتی اور انتظامی تنقیح کا مقام بھی قرار دے دیا تھا۔ چنانچہ جملہ صوبہ دار اور حکام عدالت اس وقت مکہ معظمہ آتے اور حضرت عمر ان کے خلاف دعوے اور مقدمے، خود سنتے اور حق رسانی کرتے۔ اگر سرکاری افسروں سے کوئی لغزش ہوئی ہوتی تو بڑی سختی سے داروگیر کرتے۔

جیسا کہ ایک حدیث میں بیان کیا گیا ہے، ثبوت مانگے بغیر اگر ہر دعوے کو صحیح مان لیا جایا کرے تو لوگوں کی جان و مال محفوظ نہ رہیں [۱]۔ اسی لئے امور تنقیح طلب اور شہادت پیش شدہ کی جانچ [۲] کے لئے آنحضرت صلعم کے بہت سے اصولی اور ذیلی احکام حدیث میں ملتے ہیں۔ ان میں سے چند کا یہاں ذکر کیا جاتا ہے۔

انصاف رسانی کے لئے قاضی کو چاہئے کہ صرف روداد پر فیصلہ کرے اور اپنے خانگی معلومات کو دخل نہ دے [۳]۔ ایسا حکم نہ ہوتا تو ظاہر ہے کہ قاضیوں کو بددیانتی کی ہمیشہ زبردست ترغیب ہوتی رہتی۔ ناحق فریق کی جادو بیانی کے سلسلے میں ایک دلچسپ حدیث قابل ذکر ہے، جو صحاح ستہ [۴] میں آنحضرت سے مروی ہے:-

---

(۱) مسند ابن حنبل ج ۱ ص ۳۴۳، ۳۶۳۔

(۲) ورنہ قدیم عرب میں ملزم کا کھوج لگانے کے لئے ”روحانی“ قوتوں سے مدد لی جاتی اور فال، قرعہ، جادو، ٹوٹکے، دیوبانی، ہاتفی، جیسے غیر یقینی ذرائع برت میں آتے یا غیب دانی کے مدعی عراف، کاہنوں وغیرہ کی من گھڑت باتوں پر عمل کیا جاتا۔

(۳) اس مسئلے پر ایک مختصر بحث از حضرت ابوبکر و عمر کے اقوال و اعمال کے لئے دیکھئے الطرق الحکمیۃ لابن القیم ص ۷۴، تا ۷۶۔

(۴) بخاری۔ مسلم ۳۰ : ۴ تا ۷۔ ترمذی ۱۳ : ۱۱۔ ابو داود ۲۳ : ۷۔ ابن ماجہ ۱۳ : ۵۔ نسائی ۴۹ : ۱۳، ۲۳۔ ابن حنبل ج ۶ ص ۲۹۰ تا ۹۱۔ نیز اقضیہ رسول اللہ للقرطبی ص ۸۲۔ ابن القیم، الطرق الحکمیہ ص ۲۶۶۔

اس کے علاوہ بہت سی صورتوں میں ضمان یعنی تارٹ مقرر کر دیا گیا اور ہرجے کا معاوضہ بجائے مساوی انتقام کے رقمی یا مادی صورت میں دلایا جانے لگا[1]۔ اور سخت قانونی انصاف کے جگہ استحسان یا نصفت کو عدالتیں روا رکھنے لگیں[2]۔ مطلب یہ ہے کہ انصاف کے ساتھ رحم کو بالکل نظر انداز نہیں کر دیا جاسکتا۔ اور حالات و واقعات کے لحاظ سے بر موقع مناسب رعایت بھی کی جا سکتی ہے۔

ایک نئی «جدت» یہ کی گئی کہ انسانوں کے سوا باقی سب مخلوقات کو ذمہ‌داری سے بری کر دیا گیا ورنہ اب تک عرب میں کوئی گڑھا اور کوئی جانور بھی کسی آدمی کے ضرر اور ہلاکت کا باعث ہوتا تو ذمہ داری سے بری نہ ہوتا[3]۔ چنانچہ امام ابو یوسف نے بیان کیا ہے کہ :-

كان اهل الجاهلية اذا عطب الرجل فى القليب جعلوا القليب عقله و اذا قتله دابة جعلوها عقله و اذا قتله معدن جعلوه عقله فسأل سائل رسول الله صلعم فقال العجماء جبار والمعدن جبار والبئر جبار [4]	زمانۂ جاہلیت میں اگر کوئی گڑھے میں گر کر مرجاتا تو وہ گڑھا اس کا خون بہا قرار دیا جاتا [اور ہلاک شدہ شخص کے وارثوں کی ملک قرار پاتا] اگر کوئی جانور کسی کو قتل کرتا تو وہی اس کا خون بہا قرار دیا جاتا۔ اور اگر کوئی کسی کان میں ہلاک ہوتا تو وہ کان اس کا خون بہا قرار دیجاتی۔ کسی نے اس بارے میں آنحضرت سے پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ بے زبان جانور اور کان اور کوئیں کی ضرر رسانی سے کوئی ذمہ داری نہیں پیدا ہوتی۔

---

(۱) موطا وغیرہ میں باب العقول ملاحظہ ہو۔

(۲) ان اللہ یامر بالعدل والاحسان (قرآن ۵-۴۵) نیز استحسان کا ذکر اصول فقہ کی کس کتاب میں۔

(۳) انگلستان مین ابھی گذشتہ انیسوین صدی کے وسط تک کسی گاڑی، کسی درخت اور کسی دوسرے غیر جاندار "قاتل" کو بھی قانوناً سزائے قتل دی جاتی تھی دیکھئے Hobhouse, *Morals In Evolution*, Law & Justice. اس طرح جاہل عرب ہی کا زیادہ معقولیت پسند رہا ہونا معلوم ہوتا ہے

(۴) کتاب الخراج ص ۱۳۔

الله لما يحب رسول الله !،، ۱

سے اجتهاد کرونگا۔ فرمایا خدا کا شکر هے جس نے اپنے رسول کے فرستادے کو ایسی بات کی توفیق دی جس سے الله کا رسول راضی هے ۔،،

قاضیون کو یه بات اچهی طرح سمجهادی جاتی تهی که دی هوئی هدایتون کے خلاف وه جو کام کرینگے وه کالعدم سمجها جائیگا ۲۔

جب عمرو بن حزم یمن کے گورنر بنا کر بهیجے گئے تهے تو ان کو آنحضرت نے ایک تحریری هدایت نامه دیا تها۔ یه اسلامی تاریخ انتظام مملکت میں همیشه یادگار رهیگا۔ اس طویل اور اهم گهر دستاوز میں انهیں انصاف رسانی اور بے لاگ عدل کا حکم دیا گیا هے اور ظلم و ستم سے باز رهنے کی تاکید کی گئی هے ۳۔ عمرو بن حزم کے لئے لکهے هوئے هدایت نامے میں تفصیل سے یه بهی بتایا گیا هے که جسمانی ضرر رسانی کی کس کس صورت میں متضرر کو کیا هرجه دلایا جائیگا ۴۔ اس قسم کا ایک قانون آنحضرت کے حکم سے حضرت اوشاه کو بهی لکهه کر دیا گیا تها۔ ۵

بدلے اور انتقام کا تصور حمورابی کے زمانے میں یه تها که کسی کی بیٹی یا بیٹے کے قتل پر قاتل کی بهی بیٹی یا بیٹے کو قتل کیا جائے ۶۔ قانون حمورابی کے بعد اس کے قانون قصاص اعضا کا کچهه حصه۷ قانون حضرت موسی (توریت) میں بهی ملتا هے جس میں آنکهه کے عوض آنکهه اور کان کے عوض کان کا طریقه قائم کیا گیا تها ۸۔ مگر یه عهد اسلام کی، آنحضرت صلعم کے زمانے کی ترقی هے که عمد، مشابه عمد اور خطا میں فرق کیا جانے لگا ۔ اور نیت سب سے پہلے دیکهی جانے لگی ۱۰۔

---

(۱) ترمذي ۱۳:۳ - ابوداود کتاب الاقضیه ۲۳ : ۱۱ - اعلام الموقعین لابن القیم ج ۱ ص ۷۳ - طبقات ابن سعد ج ۲/۲ ص ۱۰۷ تا ۱۰۸ -

(۲) ,, من عمل عملا لیس علیه امرنا فهو رد " (مسلم ۳۰ : ۱۷ تا ۱۸) من استعملناه علی عمل فلیأت بقلیله وکثیره فما اوتی منه اخذ و ما نهی عنه انتهی " (ابوداود ۲۳ : ۵)

(۳) متن کے لئے دیکهئے ابن هشام ص ۹۶۱ تا ۶۲ طبری ص ۱۷۲۷ تا ۲۹ -

(۴) موطا باب العقول - نیز سنن نسائی بر موقع -

(۵) بخاري باب کتابه العلم -

(۶) قانون حمورابی دفعات ۱۱۶، ۲۱۰، ۲۳۰ (یه بابل کا بادشاه تها اس کا قانون ایک کتبے پر ملا هے -

(۷) ایضا دفعات ۱۹۶، ۱۹۷، ۲۰۰ -

(۸) تائید کیلئے قران مجید ۵ : ۴۵ نیز C. Edwards, *Hammurabi Code*, p. IX, 111 - 43

(۹) خطبه حجه الوداع میں بهی اس کا ذکر هے -

(۰) حدیث : انما الاعمال بالنیات ' صحاح ستہ میں

علاوہ کسی خاص شخص کو کسی خاص مقدمے کی سماعت کے لئے موقتی قاضی بنایا جایا کرنے کی بھی عہد نبوی میں متعدد نظیریں ملتی ہیں نیز ان کے آنحضرت کے پاس مرافعون کی بھی۱ ۔ یہ تو ظاہر ہی ہے کہ دارالحکومت کے باہر صوبون اور ضلعون میں بھی علحدہ عدالتی افسرون کی ضرورت تھی ۔ اور معلوم ہوتا ہے کہ صوبہ وار عامل (گورنر) ہی بہ یک وقت سپہ سالار اور افسر مال (تحصیلدار) اور قاضی و محتسب (نگران اخلاق و مال تجارت وغیرہ) ہوتے تھے ۔ ان کی کاروائیون اور فیصلون کے خلاف بھی آنحضرت کے پاس مرافعے آیا کرتے تھے۲ ۔ ان قاضیون کو مستقر کی جانب روانگی کے وقت جو ہدایتیں دی جاتی تھیں ان میں سے چند کو تاریخ نے محفوظ رکھا ہے ۔ حضرت معاذ بن جبل عہد نبوی کے عدالتی حلقے میں جو نمایاں حیثیت رکھتے ہیں وہ محتاج بیان نہیں ۔ ان کے حالات سے عام کیفیت کا اندازہ ہوسکتا ہے ۔ ابن عبد البر نے لکھا ہے :۔

”معاذ بن جبل ... و بعثہ رسول اللہ صلعم	معاذ بن جبل .... کو آنحضرت نے قاضی
قاضیا الی الجند یعلم الناس القرآن و	بنا کر جند (جو یمن میں ہے) بھیجا تا کہ
شرائع الاسلام و یقضی بینہم و جعل الیہ	لوگوں کو قران اور احکام اسلام سکھائیں
قبض الصدقات من العمال الذین بالیمن ۔“۳	اور ان کے مقدموں کا فیصلہ کریں اور
	یمن کے تحصیلدارون سے جمع شدہ محاصل
	سرکاری اپنی تحویل میں لیں ۔

جب معاذ بن جبل یمن روانہ ہونے لگے تو آنحضرت نے آخری باریابی کے موقع پر ان سے جو گفتگو فرمائی وہ بھی اسلامی عدل گستری اور قانونیات کی تاریخ میں بڑی اہمیت رکھتی ہے :۔

ان رسول اللہ صلعم بعث معاذا الی الیمن	آنحضرت نے معاذ کو یمن بھیجا تو پوچھا
فقال کیف تقضی ؟ قال بما فی کتاب	کس طرح فیصلے کروگے ؟ کہا اس کے
اللہ ۔ قال فان لم یکن فی کتاب اللہ ؟	مطابق جو اللہ کی کتاب (قرآن) میں ہو فرمایا
قال فبسنۃ رسول اللہ ۔ قال فان لم یکن	اگر کتاب اللہ میں نہ ہو ؟ کہا تو رسول اللہ
فی سنۃ رسول اللہ ؟ قال اجتہد برایی ۔	کی سنت کے موافق ۔ فرمایا اگر رسول اللہ کی
قال الحمد للہ الذی وفق رسول رسول	سنت میں نہ ملے ؟ کہا تو میں اپنی رائے

---

(۱) مسند احمد بن حنبل ج ۲ ص ۱۸۷ - ج ۴ ص ۲۰۵ - ج ۵ ص ۲۶ -

(۲) ملاحظہ ہو الاستیعاب نمبر ۱۴۵۵

(۳) ایضاً نمبر ۱۰۰۱ ۔

روحانی سرداروں کو ایک بڑی تعداد میں دنیاوی اور عدالتی اقتدارات عطا کئے جائیں،،[۱]۔

ایک اور غیر مسلم شہادت جو ہمعصر ہونے کے باعث خاص اہمیت رکھتی ہے، قابل ذکر ہے۔ چنانچہ شام کی فتح کے صرف پندرہ سال بعد حضرت عمر کے زمانے میں ایک نسطوری پادری نے ایک دوست کے نام جو خط لکھا تھا وہ موجود ہے اور اس میں لکھا ہے:-

> ،، یہ طائی [یعنی عرب] جن کو خدا نے آج کل حکومت عطا کی ہے ہمارے بھی مالک بن گئے ہیں، لیکن وہ عیسائی مذہب سے مطلق برسر پیکار نہیں۔ اس کے برخلاف وہ ہمارے دین کی حفاظت کرتے ہیں، ہمارے پادریوں اور قدیسوں کا احترام کرتے ہیں اور ہمارے گرجوں اور کلیساؤں کو جاگیریں عطا کرتے ہیں۔،،[۲]

یہ یاد رہے کہ کم از کم انصار کے قبائل کی حد تک آنحضرت صلعم نے ہجرت سے پہلے ہی بیعت عقبہ میں ہر ایک کا ایک ایک نقیب مقرر کر دیا تھا جو اپنے قبیلے کی نمائندگی کرتا اور اندرونی نظام اور باقاعدگی کا ذمہ دار تھا۔ اگر کسی معاملے میں نقیب کا فیصلہ تشفی کا سامان نہ کرتا تو معاملہ آنحضرت کے پاس آتا۔ نقیب کے تحت ہر دس آدمیوں کا ایک افسر ہوتا تھا جسے عریف[۳] کہتے تھے۔ اس نظام سے وقت ضرورت استصواب عامہ (plebiscite) میں بھی مدد لی جاتی تھی[۴]۔

مدینے کی حد تک آنحضرت پورا عدالتی کام خود انجام دیتے تھے۔ لیکن جب اسلامی عملداری میں وسعت ہو کر انتظامی کام بڑھ گیا تو مدینے میں آنحضرت نے چند مفتی (یعنی قاضی)[۵] مقرر فرمادئے تھے[۶] جن کے فیصلوں کے خلاف آنحضرت کے پاس مرافعہ بھی ہوتا تھا[۷]۔ مدینے میں مستقل قاضیوں کے

---

(۱) C. Karalevskij, *Dictionnaire Histoire et Geographie Ecclesiatiques*, s. v. Antioche, col. 592, 594

(۲) Assemani, *Bibl. Orient*, III,2, p.XCVI;
De Goeje, *Memoire sur la conquete de la Syrie*, 2nd Ed ,p.106.

(۳) یہ روما کے Decurion سے مشابہ تھا

(۴) سیرت نبوی کی کسی کتاب میں جنگ ہوازن کے قیدیوں کی رہائی کا واقعہ ملاحظہ ہو۔ اس وقت نقیبوں اور عریفوں سے مدد لی گئی تھی۔

(۵) قد كان القاضى فى الصدر الاول يسمى مفتيا (المبسوط للسرخسى ج ۱۶ ص ۱۰۹)

(۶) التراتیب الاداریہ للکتانی ج ۱ ص ۵۶ بحوالہ ابن الجوزی

(۷) ایضاً بحوالہ موطا

اکثر مورخوں نے ذکر کیا ھے جن میں توریت پر عمل کرایا گیا ١۔ قرآن مجید میں اس مسئلے سے کافی طویل بحث کی گئی ھے اور حکم دیا گیا ھے کہ یہودی توریت پر عمل کریں تو نصرانی انجیل پر اور مسلمان قرآن پر اور یہ کہ خدا ھی نے ھر ایک کو الگ الگ شریعتیں دی ھیں ورنہ اگر وہ چاھتا تو سب کو ایک ھی ,, امت ،، بنا دیتا٢۔ آنحضرت کا یہ طرز عمل بعد میں مستقل قانون بن گیا کہ غیر مسلم رعایا اور مستامنوں سے ان کا شخصی قانون ھی متعلق ھو اور اس غرض کے لئے خصوصی عدالتیں بنائی جائیں۔ چنانچہ خلافت راشدہ مین اس چیز نے خاصی ترقی کرلی تھی اور ان ملی عدالتوں کے حکام بھی ھم ملت ھی مقرر ھوتے تھے۔ ممکن ھے اس میں یہ مصاحت بھی پوشیدہ ھو کہ سخت تر شخصی قانون والی ,, ملتیں ،، ھمسایہ و ھم شھری مسلمانوں کی ,, الحنیفیۃ السمحاء ،، کی سہولتوں کو دیکھ دیکھکر اپنے سکون کے لمحوں میں اس کو قبول کرنے کی خاموش ترغیبیں پاتے رھیں۔ بھر حال ایک ابتدائی اور فوری اور بہت اھم فائدہ اسلامی مملکت کو اس سے یہ پہنچا کہ جدید مفتوحہ علاقے میں اقلیتوں کی ـــــ جن پر وھاں کی سابق حکومت سخت مظالم توڑا کرتی تھی ـــــ پر خلوص تائید حاصل ھوگئی جس سے اس کو اپنی تازہ فتح کے مستحکم اور مکمل کرنے مین کافی مدد ملی۔ چنانچہ مشہور پادری کارالفسکی لکھتا ھے :-

> ,, علاوہ یہودیوں کے جن پر بہت سخت مظالم ھو رھے تھے ، ...... یعقوبی عیسائیوں نے بھی عربوں کو اپنے نجات دھندوں کی حیثیت سے ھاتھوں ھاتھ لیا ..... مسلمانوں کی سب سے اھم جدت جس کا یعقوبی عیسائیوں نے دلی خوشی سے استقبال کیا ، یہ تھی کہ ھر مذھب کے پیرووں کو ایک خود مختار وحدت قرار دیا جائے اور اسی مذھب کے

---

(١) پہلے مقدمے کے لئے دیکھئے بخاری ٦١:٢٦-٩٥:٥١ ابن ھشام ص ٣٩٣ تا ٩٥۔ ابوداود ج ٢ ص ١٥٢۔ التنبیہ للمسعودی ص ٢٤٧۔ دوسرے مقدمے کے لئے تفسیر طبری ج ٢٧ ص ٤٤ تا ٥٠۔ نیز بخاری، مسلم، ابوداود، ابن ماجہ، نسائی، دارمی، طیالسی، احمد بن حنبل وغیرہ جن کے صفحوں کے حوالے ونزنک کی مفتاح کنوز السنہ مین لفظ قصاص کے تحت مل جائنگے۔

اول الذکر مقدمے مین مسلمان مولفوں نے اس الزام کو دھرایا ھے کہ یہودیوں نے توریت کی تحریف کی ھے۔ اور لکھا ھے کہ زنا پر رجم کی سزا کا حکم یہودیوں نے چھپا دیا تھا۔ اس کا ثبوت اب دیگر ذرائع سے بھی ملتا ھے۔ چنانچہ ایک یہودی شرقیاتی پروفیسر (Torrey, *Jewish Foundation of Islam*) ھی نے یہ ناقابل تردید ثبوت ڈھونڈ نکالا ھے کہ ایک زانیہ کے گرفتار ھوکر آنے پر حواریوں نے حضرت عیسی سے پوچھا توریت مین تو اس کی سزا رجم ھے اب آپ کیا حکم دیتے ھین (دیکھئے انجیل یوحنا ٥ - ٨)۔ توریت کے موجودہ اڈیشن اس حکم رجم سے یکسر خالی ھین۔

نجران کے عیسائیون سے آنحضرت نے جو معاھدہ کیا تھا (اور جس کا متن ابن سعد وغیرہ مین ھے) اس مین بھی ان کی داخلی عدالتی خود مختاری برقرار رکھی گئی تھی۔

(٢) قرآن مجید ٥ : ٤٢ تا ٥٠

هر قسم کے جهگڑے کے لئے آنحضرت کا فیصلہ قطعی اور آخری[۱] هوگا (ف ۲۳)۔

اسی طرح یہودیوں سے جو دفعات متعلق هیں ان میں بیان کیا گیا هے کہ :-

فدیہ، دیت، ولاء اور جوار کے ادارے حسب سابق برقرار رهینگے (ف ۲۵، ۳۱-۳۵-۴۰)
مگر کوئی شخص قریش اور ان کے مددگاروں کو اپنے جوار یعنی پناہ میں لینے کا مجاز نہ هوگا (ف ۴۳)

عدل گستری ایک مفاد عامہ کا معاملہ هے اور کوئی شخص خود اپنے رشتہ داروں کی بهی پاسداری نہ کرسکیگا (ف ۳٦ ب - ۳۱)

آنحضرت هر قسم کے جهگڑوں میں آخری فیصلہ کرینگے (ف ۴۲)

دیگر جزئی تفصیلوں کو یہاں نظر انداز کیا جاسکتا هے[۲] گو اس عظیم الشان اور انقلابی اصلاح کی جانب خصوصی دوبارہ اشارہ کرنا بے محل نہ هوگا کہ انفرادی انتقام جوئی کی جگہ مرکزی عدل گستری کا ادارہ وجود میں آگیا اور یہ اختیار افراد هی نہیں قبائل سے بهی چهین کر حکمران وقت کے سپرد کیا گیا جو تفتیش اور غیر جانبداری کا پابند تها۔

اس موقع پر یہ بیان کرنا بے محل نہ هوگا کہ کم از کم اهل کتاب غیر مسلموں کے مقدموں میں آنحضرت صلعم ان کے شخصی قانون هی کے مطابق فیصلہ فرماتے تهے۔ چنانچہ یہودیوں کے دو مقدموں کا

---

(۱) اسن کے ساتھہ ملاحظہ هو قران مجید (۳۳ : ۳٦) ,, وما کان لمومن ولا مومنہ اذا قضی اللہ و رسولہ امراً ان یکون لهم الخیرہ من امرهم ومن یعص اللہ و رسولہ فقد ضل ضلالاً مبیناً (یہ سورۂ احزاب کی آیت هے جو مدنی هے) - قبیلہ واری افرا تفری کی جگہ مرکزیت پیدا کرنے کے لئے علاوہ ایک خاص شخص کو همہ گیر حکمران تسلیم کرنے کے مرکزی حکومت کو زکات (جائدادی ٹکس) دینا اور مرکزی حکومت کی جبری فوجی خدمت (بذریعہ جهاد) اور مرکزی حکومت کے تمام قوانین کی تعمیل تین اهم اصول اختیار کئے گئے تهے - نتیجے کی کامیابی کسی تذکرے کی محتاج نہیں -

(۲) اس دستاویز کی غیر معمولی اهمیت کے باعث متعدد مولفوں نے اس سے خصوصی بحث کی هے مثلا Wellhausen, *Skizzen*, vol. iv, "Gemeindeordnung von Medina"; Caetani, *Annali*, 1:43 et seq.; Wensinck, *Mohammed en de Joden te Medina*. p. 78 et seq.; Buhl, *Das Leben Muhammeds*, pp. 210–12; Hamidullah, *La Diplomatie Musulmane*, I, pp. 20–26; Grimme, Muller. etc. etc.
ایک انگریزی مورخ نے تاریخ عالم لکهتے هوے بهی اس سے بحث کی هے -

اب تک تاریخی پس منظر پیش کیا گیا۔ اس کے بعد، جیسا کہ بیان ہوا، سنہ ۶۱۰ع سے اسلام شروع ہوا۔ اس کے آغاز اور ترقی سے یہاں بحث نہیں۔ البتہ یہ ظاہر ہے کہ آنحضرت صلعم کی ذات ہجرت سے پہلے اور بعد، زندگی بھر، اپنے پیرووں کے لئے انتہائی عدالت کا کام دیتی رہی۔ لیکن ایک واقعی مملکت کی بنیاد ہجرت کے بعد ہی پڑی۔ ہجرت کر کے مدینہ آتے ہی آنحضرت نے فوراً اپنے عدالتی حقوق و فرائض کا تعین فرمادیا تھا۔ [1] اور ہماری خوش قسمتی سے یہ دلچسپ اور اہم دستاویز بجنسہ و بلفظہ ہم تک نقل ہوتی آئی ہے۔ [2] اسے سب سے پہلی اسلامی مملکت کا دستور اور آئین کہا جاسکتا ہے۔

اس تاریخی دستاویز کے دو حصے ہیں۔ فقرہ ۱ تا ۲۳ میں مہاجرین اور انصار کی وحدتوں کا ذکر ہے اور فقرہ ۲۴ تا ۴۷ میں ان قواعد کا ذکر ہے جو مضافات مدینہ میں بسنے والے حلیف یہودی قبائل اور بستیوں سے متعلق تھے۔ ان ہر دو حصوں کے عدالتی فقرات کی تحلیل یہاں بے محل نہ ہوگی:—

حسب سابق ہر قبیلہ انصار اپنے افراد کے مواخذہ جات کا اجتماعی طور سے ذمہ دار ہوگا۔ اگر کوئی فرد دشمن کے ہاتھوں گرفتار ہو تو اس قیدی کے قبیلے کے سب افراد ملکر فدیہ ادا کرینگے (ف ۴ تا ۱۱)

اس سلسلے میں انصار کے قبائل تو معین تھے لیکن مہاجرین مکہ سب مل کر ایک قبیلہ تصور کئے جائینگے۔ (ف ۱۲)

انصاف رسانی متضرر کے ہاتھ مین نہیں رہیگی بلکہ وہ پوری جماعت مسلمانان کا فریضہ سمجھی جائیگی اور اس میں کسی کی رشتہ داری اور قرابت کے باعث پاس و لحاظ نہیں کیا جائیگا (ف ۱۳) اور کسی قاتل یا مجرم کو کوئی شخص پناہ نہیں دیسکیگا (ف ۲۲)

کسی مسلمان کا قتل عمد سزائے موت کا مستوجب ہوگا البتہ مقتول کے ولی، فدیہ لے کر، قصاص سے درگزر کرسکینگے۔ (ف ۲۱) اور اگر کسی غیر مسلم کے ولی مسلمان ہوں تو انہیں چاہئیے [3] کہ قاتل کے مسلمان ہونے کی صورت میں قصاص کا مطالبہ نہ کرین (ف ۱۴)

---

(۱) ابن ہشام ص ۳۴۱ تا ۴۴۔ کتاب الاموال لابی عبید فقرہ ۵۱۷ ص ۲۰۲ تا ۲۰۵ ابن کثیر ج ۳ ص ۲۲۴ تا ۲۶۔ نیز ابن سید الناس وغیرہ

(۲) ژاں ژاک روسو نے اپنی مشہور کتاب "معاہدہ معاشری" مین بادشاہت اور مملکت کا آغاز بیعت کے ذریعہ ہوا ہونا قیاس کرتا ہے بیعت عقبہ اور زیر ذکر معاہدے کی روشنی مین کہا جاسکتا ہے کہ چاہے اور بستیوں مین بھی یہی طریقہ رہا ہو یا نہ ہو، اسلام مین واقعی یہی ہوا۔ کوئی تعجب نہین جو روسو کے قیاس کا ماخذ یہی اسلامی بیعتین رہی ہوں۔

(۳) ملاحظہ ہو یہ کہا گیا کہ "انہیں چاہئے کہ... مطالبہ نہ کرین" اور یہ نہیں کہا گیا کہ "وہ مطالبہ نہیں کرسکتے.."

اور جنس کے لحاظ سے فرق بہرحال باقی اور جاری رہا ہوگا۔ چنانچہ اس کی نظیریں عام طور سے ملتی ہیں کہ کسی آزاد فرد کا قاتل غلام ہوتا تو غلام سے قصاص لینا ناکافی سمجھا جاتا اور غلام کے مالک یا کسی اور آزاد رشتہ دار کا سر مانگا جاتا۔ یا کوئی آزاد کسی غلام کو قتل کرتا تو قاتل کا قصاص گوارا نہ کیا جاتا بلکہ کوئی کم تر معاوضہ دیا جاتا۔ یہی حال عورت کا بھی تھا۔ اور اسی قاعدے کو قرآن نے اسلامی دور میں منسوخ کیا:—

،،الحر بالحر و العبد بالعبد	آزاد کے بدلے آزاد، غلام کے بدلے غلام اور
والانثی بالانثی،، (۲:۱۷۸)	عورت کے بدلے عورت ہی قتل کئے جائیں (نہ کم نہ زیادہ)

یہ سب سزائیں تو اس وقت دی جاسکتی تھیں جب ملزم، قبیلے کی دسترس میں ہوتا۔ اگر ملزم فرار ہوجاتا تو یہ محدود وسائل والے، خانہ بدوش، بعض صورتوں میں خاص کر بین القبائل جرم کے موقع پر، ملزم کو ،،طرد،، یعنی جات باہر کردیتے اور وہ اپنے قبیلے کی ہر قسم کی اخلاقی و مادی مدد سے محروم ہوکر اپنی حفاظت خود ہی تنہا کرنے پر مجبور ہوجاتا اور اکثر بے بسی و بےکسی سے غربت میں جان دیتا۔ ممکن ہوتا تو وہ دور دراز کے کسی اجنبی قبیلے میں جاکر پناہ گزین ہوتا اور انہیں سے بھائی چارہ کرکے انہیں کا ایک فرد بن جاتا۔ ایسے لوگ دخیل، مولا اور حلیف کے مختلف ناموں سے موسوم ہوتے اور یہ اس زمانے کا طریقۂ توطن (Law and mode of Domicile) تھا۔ ا

---

(۱) یاد رہے کہ دخیل، مولا اور حلیف افراد کا یہ طبقہ (جسے دیگر اصلی افراد قبیلہ سے عام حقوق کچھ کم حاصل ہوتے مثلاً وہ کسی اجنبی کو اپنی پناہ میں نہ لے سکتا جیسا کہ ابن ہشام نے سیرہ رسول اللہ کے صفحہ ۲۵۱ پر بیان کیا ہے) صرف ان فرار شدہ پناہ گزینوں ہی پر مشتمل نہ تھا بلکہ اس میں آزاد شدہ غلام، غیر قبائل بلکہ غیر عرب کے عام افراد بھی باہمی رضامندی سے شریک ہوتے تھے۔ اور یہ رواج اسلام نے بھی بہت کچھ باقی رکھا اور غیر عرب بنانے میں اس سے عرب مسلمانوں نے بڑی مدد لی۔

تھی ۔ اس سے چھٹکارا پانے کی تدبیر معلوم کرنے کے لئے بھی ایک کاھنہ ھی سے رجوع کیا گیا تھا ۔ اس قسم کی نظیرین بکثرت عربوں کی تاریخ جاھلیت میں مل سکتی ھیں ۔

(۳) تیسرا اور شاید سب سے اھم ادارہ ”تحکیم“ کا تھا ۔ عامر بن الظرب العدوانی کے پاس عربستان کی ھر جگہ سے تحکیم کے لئے مقدمے آتے تھے ۔ [1] قبیلۂ تمیم کے سرداروں کا موروثی طور پر پورے عرب کا حکم ھوا کرنا عربیات کا ھر طالبعلم جانتا ھے ۔ یہ سردار سال میں ایک بار کسی بڑے میلے مثلا عکاظ میں جاتے اور اس جگہ دیوانی اور فوجداری ھر قسم کے مقدمات کو سن کر فیصلہ کرتے ۔ یہاں جگ ھنسائی کا خوف اور حکم کے پس پشت پورے میلے کی اخلاقی قوت تہدید کا کام دیتی ۔ ان موروثی حکموں میں سے چند کا ذکر ابوعبیدہ نے کیا ھے ۔ [2] اور ابن قتیبہ [3] نے لکھا ھے کہ غیلان بن سلمہ ثقفی کی عادت تھی کہ ایک دن اپنے ذاتی معاملات پر توجہ کرتا ، ایک دن شعر شاعری کے علمی جلسوں میں حصہ لیتا اور ایک دن ”حکم“ بن کر جھگڑے چکاتا ۔ قبیلہ واری حکم بھی ھوتے تھے ۔ چنانچہ خود شہری مملکت مکہ کے دس اداروں میں سے ایک حکم کا بھی تھا ۔ [4] موقتی طور پر بھی کسی کو حکم بنایا جاسکتا تھا چنانچہ قصی اور قضاعہ کی جنگ میں بنی کنانہ کے ایک فرد شداخ کو حکم بنایا گیا تھا ۔ [5]

یہ تو اس زمانے کا ذکر ھے جب عرب میں اسلام شروع ھونے کو تھا ۔ یہ نظام بھی کچھ ترقی یافتہ نہیں کہا جاسکتا لیکن خود اس حالت تک پہنچنے کے لئے بھی عرب میں کم و بیش وھی ارتقا عمل میں آیا ھوگا جو اور ملکوں میں ۔ یعنی فطری احساس مدافعت نے شروع میں خود انتقامی کی سجھائی ھوگی جس میں ملزم ورنہ اس کے قریبی رشتہ دار بیٹے بھائی وغیرہ سے بھی بدلہ لیا جاتا تھا ۔ (اس سلسلے میں جنگ تغلب کی نظیر سے کون واقف نہیں) اس کے بعد اندرون قبیلہ جرم یا تعدی پر ، داخلی امن قائم رکھنے ، جھگڑا چکانے ، ظالم کو سزا دینے اور مظلوم کی فریاد رسی کرنے کے لئے خود قبیلہ اپنے سرداروں یا انصاف کے لئے مقرر شدہ خصوصی افسروں کے ذریعے دخل دھی کرکے عدل گستری کرنے لگا ھوگا ۔ یہ شروع میں ”آنکھ کے بدلے آنکھ“ سے کم نہ ھوتا ھوگا لیکن رفتہ رفتہ جب بعض صورتوں میں ضرر کی مالی یا رقمی قدر و قیمت کی جانے لگی اور بالآخر متعین بھی ھوگئی تو ملزم کے سماجی درجے ، عمر

---

(۱) البدایۃ والنہایۃ لابن کثیر ج ۲ ص ۲۰۶ ۔

(۲) نقائض جریر و فرزدق ص ۱۰۵ ، ۱۳۹ ، ۴۲۸ وغیرہ ۔ نیز کتاب الازمنۃ والامکنۃ للمرزوقی ج ۲ ص ۲۷۳ تا ۷۴ ۔

(۳) کتاب المعارف بر موقع ۔

(۴) عقد الفرید لابن عبد ربہ ج ۲ ص ۴۵ تا ۴۶ ۔

(۵) ابن کثیر کتاب مذکور ج ۲ ص ۲۰۷ ۔

یہ تو غیر معمولی اور خصوصی طریقہ تھا۔ معمولی اور عام طور سے انصاف ستانی اور فیصلہ یابی کے ملک میں تین مسلمہ طریقے تھے :—

(۱) سب سے پہلے قبیلہ واری پنچ تھے۔ جب باہمی گفت و شنید سے معاملہ طے نہ ہوتا تو مستغیث اور ملزم یا مدعی اور مدعا علیہ ان قبیلہ واری پنچوں کے سامنے حاضر ہوتے جن کا فیصلہ قطعی ہوتا۔ اور بہت سی صورتوں میں جرم کو اصطلاحی الفاظ میں ،، دفن ،، کر دیا جاتا اور پھر اسی بنیاد پر انتقام طلبی جائز نہ ہوتی۔ ۱

(۲) اگر اندرونی طور سے یوں فیصلہ نہ ہو سکتا اور خاص کر اگر کسی قبیلے کی الگ الگ شاخوں سے تعلق رکھنے والے افراد میں جھگڑا ہوتا تو کاہنوں سے رجوع کیا جاتا۔ ،، کاہن ،، ۲ عبرانی زبان میں اور یہودیوں کے ہاں عبادت گاہوں کے منتظم کو کہتے ہیں۔ ابتداءً لوگ ان مذہبی پیشواوں کی غیر جانبداری اور بے لاگ فیصلوں کی توقع میں ان سے رجوع کرتے ہوں گے۔ یہ عرب کاہن بھی یونانی مندوروں کے پجاریوں کی طرح عموما ذو معنی اور مسجع و مقفا عبارت میں اپنی رائے کا اظہار کرتے تھے۔ غالبا یہ صحیح نہیں کہ عرب کے کاہن سب کے سب یہودی رہے ہوں۔ بہر حال عرب میں کچھ لوگ غیب دانی کے مدعی پائے جاتے تھے۔ ان کو کاہن کہا جاتا تھا۔ مشکل مقدموں میں ان سے رجوع کیا جاتا اور پرانے قصوں کے مطابق بعض وقت وہ فریقین سے ایک لفظ بھی سنے بغیر صحیح صحیح فیصلہ گنگنانا شروع کر دیتے۔ ۳ ان فیصلوں کی عدم تعمیل پر کسی قوت تنفیذیہ کے تدارک کی عدم موجودگی کے باوجود ان لوگوں کے توہمات ہی تہدید کا کام دیتے۔ انسائیکلوپیڈیا آف اسلام میں لفظ ،، کاہن ،، کے تحت لکھا ہے کہ ،، اپنی خانگی حیثیت میں کاہن خاص کر جھگڑوں اور ہر طرح کے قانونی مسائل میں فیصلہ کنندوں کا کام دیتے۔ غرض ،، کاہن ،، اور ،، حکم ،، کے تصورات باہم بہت قریبی تعلق رکھتے ہیں۔ (الحطیہ نظم ۱۷ بیت ۷۔ نیز الابشیہی مطبوعۂ قاہرہ سنہ ۱۳۲۱ ھ ج ۲ ص ۷۳) ان کے فیصلوں کو ایک طرح خدائی فیصلہ سمجھا جاتا جنکے خلاف کوئی مرافعہ نہ ہو سکتا۔ ،،

زمزم کا چشمہ دریافت کرنے کے بعد اس کی ملکیت کا تسویہ کرانے کے لئے عبد المطلب اور دیگر مکے والے ایک کاہن ہی کے پاس گئے تھے۔ عبد المطلب نے اپنے ایک بیٹے کی قربانی کی منت مانی

---

(۱) صبح الاعشی للقلقشندی ج ۱۳ ص ۳۵۲۔

(۲) یہ ایک عبرانی لفظ کا معرب ہے۔

(۳) مثلا دیکھئے صبح الاعشی ج ۱ ص ۳۹۸ تا ۹۹۔

ھے ۔ اسلام نے بھی اس کی اھمیت کو گھٹانے کی کوئی کوشش نہیں کی بلکه اسے انسانیت کا عین اقتضا اور ,, خدا کی نیابت ،، کا پہلا فریضه قرار دیا۔ چنانچه یه حکم دیا گیا که حق رسانی میں مدد دینے کے لئے بن بلائے بھی آگے بڑھنا اور اپنے معلومات کی حد تک سچ سچ گواھی دینا ھر شہری کے لئے ضروری ھے۔ [۱]

قدیم عربوں کے پاس عدلیه اور تنفیذیه کے ادارے تو تھے لیکن تشریعیه (یعنی ادارۂ قانون سازی) نه تھا۔ یه کمی اسلام نے آکر پوری کی جیسا که آگے بتایا جائیگا۔ عرب میں عدلیه اور تمفیذیه اگرچه تھے لیکن بہت ھی ابتدائی حالت میں ان میں اسلام نے ـ جس کی تحریک سنه ۱۳قھ / ۶۱۰ع میں شہر مکه میں شروع ھوئی ـ رفته رفته اسلامی جماعت کے اغراض اور ضرورتون کے لئے اصلاح و ترمیم کی اگرچه بعض قدیم چیزین جو بری نه تھین برقرار رھیں [۲]

اسلام سے پہلے عرب میں جو عدالتی نظام تھا اس کے سلسلے میں سب سے پہلے اس ادارے کا ذکر کیا جاسکتا ھے جو خاص شہر مکه میں قائم کیا گیا تھا۔ جرھمی دور میں اس کا آغاز ھوا مگر اس وقت کی زیادہ تفصیلیں ھم کو معلوم نہیں ھیں۔ حرب بخار کے بعد اس ادارے کو دوبارہ زندہ کیا گیا اور اس کی حلف کیری کے ابتدائی جلسے میں اس ھونہار نوعمر نے باوجود کمسنی کے بڑے ذوق و شوق سے حصه لیا تھا جسے کچھ دنون بعد دنیا پیغمبر اسلام کے محترم نام سے جاننے لگی۔ اس ,, حلف الفضول ،، میں ایک رضا کار جماعت شریک ھوئی جس کا مقصد حدود شہر میں ھر مظلوم کی ـ خواہ وہ شہری ھو یا که اجنبی ـ مدد کرنا اور اس وقت تک چین نه لینا تھا جب تک که ظالم حق رسانی نه کرلے۔ [۳] نبوت ملنے کے بعد بھی آنحضرت اس جماعت کے کام میں فاعلانه [۴] حصه لیتے اور اس پر فخر کرتے تھے۔

تاریخ بتاتی ھے که اس ,, حلف الفضول ،، کی دھائی سے بڑے بڑے سرکش گھبراتے تھے۔ اور اس رضا کار جماعت نے جس نیک کام کا بیڑا اٹھایا تھا اسے وہ عہد بنی امیه کی ابتدا تک انجام دیتی رھی۔ نئے ارکان کے بھرتی نه کئے جانے کے باعث ابتدائی ارکان کے مرجانے پر یه ادارہ آخر برخاست ھوگیا۔

---

(۱) قران مجید ۶۵ : ۲,۲ : ۲,۲۸۳ : ۲,۱۴۰ : ۲۲,۲۸۲ : ۲۵,۳۰ : ۷۲ وغیرہ وغیرہ۔

(۲) ,, یعمل فی الاسلام بفضائل الجاھلیة ،، (مسند ابن حنبل ج ۳ ص ۴۲۵) حدیث بھی ھے

(۳) سیرۃ ابن ھشام ص ۸۵ تا ۸۶ ۔ روض الانف للسہیلی ج ۱ ص ۹۰ تا ۹۴ ۔ طبقات ابن سعد ج ۱/۱ ص ۴۲ ۔ مسند احمد ابن حنبل ج ۱ ص ۱۹۰

(۴) علاوہ اس قول کے (دیکھئے حواله بالا) که اگر مجھے اسکی دوھائی دے کر بلایا جائے تو میں اب بھی مدد کو دوڑون یہان اراشی شخص کے واقعے کا حواله دیا جاسکتا ھے جس کا ابن ھشام میں صفحه ۲۵۷ تا ۵۸ پر ذکر کیا گیا ھے۔

اسلامی عدل گستری اپنے آغاز میں

از

(محمد حمید اللہ - جامعہ عثمانیہ)

یہ مقالہ انجمن طیلسانین (گریجویٹس) جامعہ عثمانیہ کی تیسری سالانہ کانفرنس میں پڑھا گیا تھا اس کا ترجمہ اگرچہ رسالۂ اسلامک کلچر (حیدرآباد) میں چھپ رہا ہے لیکن اس اصل میں اس کے بعد متعدد چیزین بڑھائی گئی ہیں۔
(م ح ا)

حیدرآباد کی مجلس وضع قوانین[1] کے ضابطے اور عدالت عالیہ کے متعدد فیصلون میں تسلیم کیا گیا ہے کہ ممالک محروسۂ سرکار عالی (حیدرآباد) کا بن لکھا یا غیر موضوعہ قانون شریعت اسلام ہے اسی بناء پر، موجودہ حیدرآباد کی عدل گستری کے اصول کو بہتر طور سے سمجھنے کے لئے، ہمین اسلامی عدل گستری کی ابتدائی تاریخ کا مطالعہ ناگزیر ہے۔

اسلام پہلے عرب سے شروع ہوا۔ عرب اپنی جاہلیت کے زمانے میں بھی عدل گستری کو جو اہمیت دیتے تھے اس کی شاہد۔ ویلہاوزن کے الفاظ[2] میں۔ خود ان کی زبان ہے جس مین "حکومت کرنے" اور "مقدمے کا فیصلہ کرنے" کے لئے ایک ہی لفظ (حکم) پایا جاتا ہے۔ دوسرے الفاظ میں حکومت کا اگر واحد نہیں تو سب سے بڑا مقصد اور فریضہ، عدل گستری سمجھا جاتا تھا۔

یا داود انا جعلناك خلیفة فی الارض   اے داود ہم نے تجھے زمین میں نائب بنایا ہے
واحکم بین الناس بالحق ...... "[3]   اس لئے لوگون میں حق طور سے فیصلے کیا کر..

سے معلوم ہوتا ہے کہ قدیم سے دیگر ممالک میں بھی عدل گستری کی اہمیت برابر تسلیم کی جاتی رہی

---

(۱) سنہ ۱۸۹۴ع میں قائم شدہ اور دیسی ریاستون میں سب سے پہلی (دیکھئے اخبار ہند و مدراس مورخہ ۱۱ فبروری ۱۹۳۷ع ضمیمہ سلور جوبلی صفحہ ۵۔ مضمون راجم کرشنما چار بر سابق معتمد مجلس وضع قوانین و مشیر قانون حیدرآباد۔)

(۲) Wellhausen, *Ein Gemeinwesen ohne Obrigkeit*, p. 8.
"Regieren heisst richten."

(۳) قران مجید ۳۸ : ۲۷ (یہ ایک ابتدائی مکی سورۃ ہے)

(۲۰) ڈاکٹر بی۔ کے۔ داس ڈی، ایس سی (لندن)

(۲۱) " این۔ رام لال ایم، ایس سی (علیگڑھ) پی ایچ، ڈی (لندن)

(۲۲) " ایشور ناتھ ٹوپا پی ایچ، ڈی

(۲۳) " انور اقبال قریشی ایم، اے۔ پی ایچ، ڈی

(۲۴) " سید سجاد ایم، اے۔ پی ایچ، ڈی (لمدن)

(۲۵) " محمد حمید اللہ ایم، اے۔ ایل ایل، بی (عثمانیہ) پی ایچ، ڈی

(۲۶) پروفیسر پنڈت ہری ہر شاستری

(۲۷) " ڈی۔ کے۔ بھیم سین راؤ

مجلس تحقیقات علمیہ جامعہ عثمانیہ

صدر نشین

قاضی محمد حسین ایم ، اے ۔ ایل ایل ، بی (کنٹب) بارایٹ لا نائب معین امیر جامعہ

معتمد اعزازی

ڈاکٹر مظفر الدین قریشی ایم ، ایس سی (پنجاب) پی ایچ ، ڈی (برلن)

اراکین

(۱) پروفیسر مرزا حسین علی خان بی ، اے (اکسن) بارایٹ لا
(۲) ،، ڈاکٹر مولوی عبدالحق بی ، اے (علیگ) ڈی ، لٹ (الہ آباد)
(۳) ،، ہارون خان شروانی ایم ، اے (آکسن) بارایٹ لا
(۴) ،، رائے کشن چند ایم ، اے (کنٹب)
(۵) ،، حسین علی مرزا بارایٹ لا
(۶) ڈاکٹر محمد نظام الدین پی ایچ ، ڈی (کنٹب)
(۷) ،، عبدالحق بی ، لٹ ، ڈی ، فل (آکسن)
(۸) پروفیسر وحید الرحمٰن بی ، ایس سی (کلکتہ)
(۹) ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم ایم ، اے (پنجاب) پی ایچ ، ڈی (ہائیڈل برگ)
(۱۰) ،، سید حسین ایم ، ایس سی (علیگ) پی ایچ ، ڈی (لندن)
(۱۱) پروفیسر آر ۔ سبا راؤ
(۱۲) ڈاکٹر سید جعفر حسین پی ایچ ، ڈی (ہائیڈل برگ)
(۱۳) ،، میر ولی الدین ایم ، اے (علیگ) پی ایچ ، ڈی (لندن) بارایٹ لا
(۱۴) ،، یوسف حسین خان ڈی لٹ (پیرس)
(۱۵) ،، رضی الدین صدیقی ایم ، اے (کنٹب) پی ایچ ، ڈی (لائپ زگ)
(۱۶) ،، قاری سید کلیم اللہ حسینی ایم ، اے ۔ ایل ایل بی (عثمانیہ) پی ایچ ، ڈی (لند
(۱۷) ،، ظہیر الدین احمد ڈاکٹرز ڈپلوما (قاہرہ)
(۱۸) ،، سید غلام محی الدین ایم ۔ اے (عثمانیہ) پی ایچ ، ڈی (لندن)
(۱۹) پروفیسر محمد سعید الدین بی ، ایس سی (بمبئی) ایم ، ایس سی (اڈنبرا)

مجلس ادارت

پروفیسر قاضی محمد حسین نائب معین امیر جامعہ (صدر نشین)
,, ڈاکٹر مولوی عبدالحق
,, مرزا حسین علی خان
ڈاکٹر محمد نظام الدین
,, مظفرالدین قریشی (معتمد اعزازی)

فہرست مضامین

(۱) مجلس ادارت (الف)

(۲) فہرست ارکان مجلس تحقیقات علمیہ (ب۔ج)

(۳) اسلامی عدل گستری اپنے آغاز میں

از ڈاکٹر محمد حمیداللہ صاحب ۱

(۴) اودہ اور ایسٹ انڈیا کمپنی کے تعلقات (سنہ ۱۷۹۸ء تا سنہ ۱۸۰۱ء)

از محمد کاظم رضا صاحب ایم اے (عثمانیہ) ۲۴

مجموعہ تحقیقات علمیہ جامعہ عثمانیہ

جلد چہارم

سنہ ۱۹۳۶ع

مجریہ مجلس ادارت

منجانب

مجلس تحقیقات علمیہ جامعہ عثمانیہ
حیدرآباد دکن

حیدرآباد پرنٹنگ ورکس

مجموعہ تحقیقات علمیہ

جامعہ عثمانیہ

جلد چہارم

سنہ ۱۹۳۶ء

مجریہ مجلس ادارت

منجانب

مجلس تحقیقات علمیہ جامعہ عثمانیہ

حیدرآباد۔ دکن